Scanned by CamScanner

فہرست

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد اس کے پیارے رسول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہزاروں درود و سلام کے بعد بڑی سوچ و بچار کے بعد اس کتاب کو لکھنے کی کوشش کی گئی ہے کہ اللہ کی مخلوق کی بھلائی ہو سکے۔اس کتاب کو لکھنے کیلئے مختلف کتب سے بھی استفادہ حاصل کیا گیا ہے۔اس کتاب کو لکھنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے توفیق عطاء فرمائی تو بندہ ناچیز نے امت مسلمہ جو مختلف امراض میں مبتلا ہے اور سخت پریشان ہیں اور وقت کے مسیحا کے انتظار میں در بدر کی ٹھوکریں کھاتے پھر رہے ہیں۔ایسے حضرات کے لئے اس کتاب میں نایاب و انمول تحفے نسخوں کی صورت میں درج کئے گئے ہیں جو بے حد کثیری اثرات رکھتے ہیں۔شاید ہی کہیں دوسری کتاب میں آپ کی نظر سے گذریں ہوں گے۔اس کا ایک ایک نسخہ زندگی میں ایک نئی لہر پیدا کر دینے والا ہے۔
امید واثق ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس محنت کو ضرور چار چاند لگا دے گا کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا بہترین عبادت ہے۔

شوکت علی شاکر قادری

پچاس سال کے بعد اگر آپ اپنی مردانہ طاقت کو بڑھانا چاہتے ہیں اس کیلئے آگے جا کر مزید دوائیں درج ہیں دیکھیں

آلہ تناسل بوڑھا

پچاس سال کے بعد بڑھاپے میں عضو تناسل لٹک جاتا ہے لیکن انتشار ہوتا ہے اور پھر یہ شکل بن جاتی ہے۔

آلہ تناسل کی اہمیت

اللہ تعالٰی نے مخلوقات کو پیدا فرمایا جن میں سے ایک مخلوق انسان بھی ہے۔ جو سب سے بڑھ کر ہے جس کو اشرف المخلوقات کہا جاتا ہے۔ جس طرح مخلوق کو زندہ رہنے کے لئے خوراک اور دوسری اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ انسانی زندگی کی نشوونما کیلئے ضروری ہوتی ہے اور اس جسم انسانی کے اندر اللہ تعالٰی نے مشینری لگائی اور اس میں مختلف پرزہ جات نصب کئے۔ انسانی ڈھانچہ میں دل، دماغ، گردے، پھیپھڑے، معدہ، مثانہ، آنکھیں اور آلہ تناسل لگایا۔ یوں تو ہر پرزے کی اہمیت اپنی اپنی جگہ پر اہمیت کی حامل ہے۔ کسی بھی پرزے کے بغیر انسانی جسم چل نہیں سکتا اور کوئی بھی ان میں سے پرزہ خراب ہو جائے تو انسان سخت پریشانی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور زندگی بڑی مشکل ہو جاتی ہے۔ جب تک اس پرزے کو صحیح و درست نہ کیا جائے۔ انسانی جسم کا بیلنس درست نہیں رہتا۔ ان ہی پرزوں میں ایک اہم پرزہ آلہ تناسل ہے۔ اگر اس میں کوئی کمی و بیشی آ جائے یا نقص پڑ جائے تو انسان انتہائی پریشان ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اس پرزے کے بغیر بھی انسانی زندگی ناممکن ہے۔ اگر کوئی انسان 6/7 فٹ کا جوان ہے تندرست اور صحت مند بھی ہو لیکن اس کا یہ پرزہ آلہ تناسل درست نہیں ہے تو وہ سخت مایوس اور اپنے آپ کو ہیجڑوں میں شامل سمجھنے لگتا ہے۔ یہ بھی ایک گوشت کا بنا ہوا پرزہ ہے جو بہت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ اللہ تعالٰی نے انسانوں جانوروں چرند پرند سب کو اپنی نسل بڑھانے کے لئے آلات تناسل فراہم کئے ہیں اور یہ آلات جتنے زیادہ تندرست توانا ہوں گے اور مضبوط ہوں گے اتنا ہی نسل و انسانی کی نسل بہترین ہوگی۔ اللہ تعالٰی نے انسانی نسل کو بڑھانے کے لئے عورت مرد کو بنایا ہے جوڑے کی صورت میں اور دونوں کو ہی علیحدہ علیحدہ اعضائے تناسل دیئے ہیں تا کہ باہمی ملاپ سے نسل انسانی کا سلسلہ جاری و ساری رہے۔ اعضائے تناسل کا صحت مند ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ جتنا صحت مند جسم ہوگا پٹھے مضبوط ہوں گے آلہ تناسل بھی مضبوط ہوگا۔ سیکس لذت فرحت زیادہ ہوگی۔

تندرستی ہزار نعمت ہے ایک تندرست آدمی کا آلہ تناسل ایسا ہوتا ہے جو لوگ ایسی تندرستی چاہتے ہیں وہ آگے جا کر دیکھیں ان کیلئے دوائیں درج کی گئیں ہیں۔

کمزور آلہ تناسل لوہے کی طرح سخت

آلہ تناسل کی خرابیاں

- ☆ آلہ تناسل کے اعصاب اور رگیں ڈھیلی پڑ جاتی ہیں اور سست ہو جاتی ہیں۔
- ☆ آلہ تناسل میں ٹیڑھا پن آجاتا ہے۔
- ☆ آلہ تناسل کی جڑ باریک اور حشفہ موٹا معلوم ہوتا ہے۔
- ☆ آلہ تناسل پر نیلی نیلی ابھری ہوئی رگیں معلوم ہوتی ہیں۔

نامردی کا علاج

نامردی کا علاج کرتے وقت آلہ تناسل پر ٹھنڈا پانی ڈال کر دیکھیں اگر وہ سکڑ جائے تو اسکا علاج ہو سکتا ہے۔ ورنہ آلہ تناسل کے اعصاب مردہ ہو چکے ہیں اور اس کا کوئی علاج نہیں ہے۔

علاج کے اصول

علاج کے اصول تو بہت سے ہوتے ہیں جن میں چند ایک کا ذکر کیا جا رہا ہے:

نطول:

بعض دواؤں کو پانی میں جوش دیکر نیم گرم آلہ تناسل پر ڈالا جاتا ہے اس کو نطول کہا جاتا ہے۔

عضو تناسل کا کام

مرد کے عضو کا سب سے اہم کام جو پیشاب کے اخراج اور مباشرت کا فعل
سرانجام دینا ہے اور عورت کے جسم کے اندر منی پہنچانے کا بھی کام سرانجام دینا ہے اور حمل
ٹھہرانے اور انسانی نسل کو آگے بڑھانے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

عضو خاص میں لاغری کیوں ہوتی ہے؟

جب نوجوان بچے اپنی سن بلوغت کو پہنچتے ہیں تو ان کے اندر جوانی کا احساس اور
شباب پیدا ہو جاتا ہے۔ تو ان کے دلوں میں طرح طرح کے خیالات جنم لینے لگتے ہیں
بالآخر نوجوان بری صحبتیں اختیار کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ جن کے نتیجے میں وہ اپنے
جذبات پر قابو نہیں رکھ سکتے اور مشت زنی کرنا شروع کر دیتے ہیں اور آلہ تناسل نشوونما
پانے سے رک جاتا ہے اور آلہ تناسل کو نقصان پہنچتا ہے۔ آلہ تناسل ٹیڑھا اور لاغر و کمزور اور
ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ جب شادی ہو جاتی ہے تو نوجوان شادی کے قابل نہیں رہتے۔ مشت
زنی کی وجہ آلہ تناسل ٹیڑھے ہونے کے علاوہ نشوونما رک جانے کی وجہ سے چھوٹا رہتا ہے اگر
آلہ تناسل 6 انچ سے کم ہو تو وہ عورت کے رحم بچہ دانی کے منہ میں داخل نہیں ہوتا اور مرد بچہ
دانی کے منہ کے قریب ہی انزال ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے اولاد سے محرومی کا سبب بنتا
ہے۔

عضو خاص کا لمبا اور موٹا ہونا کیوں ضروری ہے؟

اس لئے ضروری ہے
اس بات کو ذہن نشین کر لیں کہ عضو خاص کا لمبا اور موٹا ہونا
لیکن اس کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔
کہ عورت کے مہبل کی لمبائی عورتوں میں مختلف ہوتی ہے
جماع کے وقت عضو خاص مرد کا عورت کے رحم کے منہ تک پہنچنا ضروری ہے کہ عورت کے
عضو مخصوص کی دیواروں سے مرد کا عضو خاص مس کرتا ہے مردانہ عضو کی سختی و مضبوطی ہمدردتی
سے دونوں لطف اندوز ہوں اور یہ عورت کیلئے ایک پسندیدہ چیز ہوتی ہے۔

مختلف لوگوں کے مختلف آلہ تناسل ہوتے ہیں
جو کہ علاج سے بڑے لمبے اور موٹے ہو سکتے ہیں۔

قضیب آلہ تناسل

آلہ تناسل کو یوں تو بہت سے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔قضیب، آلہ خاص، عضو خاص، آلہ تناسل اور عضو خاص کو انگریزی زبان میں Penis کہتے ہیں۔اس کی لمبائی دو انچ سے تین انچ لمبا عضلاتی عضو ہے۔شہوت اور تناؤ کی حالت میں اس کی لمبائی چھ انچ تک ہوتی ہے۔لیکن یہ کوئی زیادہ معتبر بات نہیں ہے ملک پاکستان میں مجموعی طور پر زیادہ گرم مرطوب علاقہ نہیں ہے لیکن یہاں پر قضیب کی لمبائی اتنی ہی ہے۔بعض نسلوں یا زیادہ قدامت والے لوگوں میں براعظم افریقہ، سعودی عرب وغیرہ جو بہت ہی زیادہ گرم مرطوب ہیں اور خوراک بھی بڑی طاقتور اور گرم ہوتی ہے وہاں پر قضیب کی نو انچ تک بھی لمبائی ہوتی ہے۔

مردوں کے عضو تناسل میں خصیے، منی کی تھیلیاں، غدہ مذی، غدہ ودی قضیب شامل ہیں۔خصیے آلہ تناسل میں بڑی اہمیت رکھتے ہیں اور صفن نامی تھیلی میں رہتے ہیں۔اس تھیلی کے دائیں بائیں دو خانے ہوتے ہیں اور ہر تھیلی میں ایک ایک خصیہ ہوتا ہے بایاں خصیہ دائیں خصیہ کی نسبت نیچا ہوتا ہے خصیہ کی لمبائی عام طور پر ڈیڑھ انچ سے دو انچ ہوتی ہے اور چوڑائی سوا انچ ہوتی ہے۔

خصیوں کا کام:

ان خصیوں کا کام منی پیدا کرنا ہوتا ہے جو ایک نالی کے ذریعے سے منی کی تھیلیوں کی طرف چلی جاتی۔ہے اس نالی کو واس ڈفرنس کہتے ہیں۔

منی کی تھیلیاں:

یہ تھیلیاں بھی دو ہوتی ہیں اور یہ مثانہ کے پچھلی طرف ہوتی ہیں۔انزال کے وقت

کچھ لوگوں کا عضو تناسل بڑا ہو جاتا ہے

کچھ لوگوں کا عضو تناسل چھوٹا ہو جاتا ہے

حالتیں دیکھیں

ان میں سکڑن پیدا ہو جاتی ہے جس سے منی کا انزال پیشاب کی نالی کے راستے سے خارج ہو جاتی ہے۔ ان نالیوں کی کچھ رطوبت بھی ہوتی ہے جو منی کے ساتھ شامل ہو جاتی ہے۔

غدہ مذی:

یہ ایک گلٹی سی ہے جو پیشاب کی نالی کے گرد مثانہ کی گردن کے نیچے ہوتی ہے۔ اس سے ایک لیسدار رطوبت رستی ہے۔ جس کو مذی کہا جاتا ہے۔ یہ پیشاب کی نالی میں چکناہٹ پیدا کرتی ہے تا کہ تیزی کے ساتھ منی کے اخراج سے پیشاب کی نالی کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

غدود ودی:

کوپر گلنڈز یہ بھی غدہ مذی کی قسم کے دو مزید غدود ہوتے ہیں جو پیشاب کی نالی کے دونوں طرف ہوتے ہیں۔ ان سے بھی پیشاب کی نالی کو چکنا رکھنے والی ایک رطوبت خارج ہوتی ہے۔

عام حالت میں عضو تناسل ایسے ہوتے ہیں

سپرم

منی ایک ایسی رطوبت ہے جو کہ صرف بالغ آدمی کے تناسل سے نکلتی ہے اس رطوبت میں سپرم ہوتے ہیں۔

پیدائش:

اس کی پیدائش خصیوں میں ہوتی ہے اور یہ خصیوں کی نالیوں کے ذریعے جب سیمینل ویزیکل اور پراسٹیٹ سے گزرتے ہیں تو یوروتھل کی غدود بھی اس میں شامل ہو جاتی ہے یہ رطوبت نہ صرف منی کو پتلا یا گاڑھا کرتی ہیں بلکہ سپرم کی حرکات پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔

جماع کے وقت:

یہ تمام رطوبات یورتھل کے پچھلے حصہ پر اکٹھی ہو جاتی ہیں اور ایک ہی جھٹکے سے باہر خارج ہو جاتی ہیں۔

منی: جو صرف بالغ آدمی کے آل تناسل سے خارج ہوتی ہے

منی کیا ہے؟ کہاں بنتی ہے؟ اسکا کیا کام ہے؟

مادہ تولید (Semen)

منی:

منی ایک گاڑھی قسم کی سفید مائل رطوبت ہے جس میں ایک خاص قسم کی بو ہے یہ خون سے بنتی ہے اگر اس کو خوردبین کے ذریعے سے دیکھا جائے تو اس میں کروڑوں چھوٹے چھوٹے جراثیم نظر آئیں گے۔

منی خصیوں میں بنتی ہے۔ خصیوں کے جس خاص حصہ میں یہ پیدا ہوتی ہے۔ وہ چھوٹی چھوٹی بیشمار نالیوں سے بنا ہوا ہے۔ اس کی تعداد تقریباً چار سے پانچ سو ہوتی ہے۔

یہ خصیوں کی نالیوں میں بنتی ہے۔ جب شہوانی خیالات نہیں ہوتے تو اس وقت منی کے بننے کی رفتار بہت کم ہوتی ہے۔

شہوت کے وقت جماع کرنے کے وقت اس کے بننے کی رفتار زیادہ ہوتی ہے۔ لیکن ہر وقت شہوت کا خیال رہے گا تو منی طاقتور نہ ہوگی بلکہ پتلی اور کمزور ہوگی۔

منی خصیوں میں پیدا ہو کر نالیوں کے ذریعے خزانہ میں آ کر اکٹھی ہوتی رہتی ہے پھر وہاں سے جماع کے وقت، انزال کی صورت میں پیشاب کی نالی کے ذریعے سے خارج ہوتی ہے منی کا خزانہ اسے صرف محفوظ رکھتا ہے۔

خوراک:

جو خوراک ہم کھاتے ہیں معدہ میں تحلیل ہو کر کچھ حصہ انتڑیوں میں جذب ہوتا ہے باقی فضلہ کے ذریعہ نکل جاتا ہے۔ جو حصہ انتڑیوں میں جذب ہوتا ہے اس میں کئی تبدیلیاں ہوتی ہیں اس کے بعد جا کر خون بنتا ہے۔

دورہ خون:

خون جب تمام جسم میں دورہ کرتا ہوا خصیوں کے اس حصہ میں پہنچتا ہے جہاں منی بنتی ہے تو یہ حصہ وہ اجزا جو منی کیلئے درکار ہوتے ہیں لے لیتا ہے۔

روح:

اس طرح منی تمام خون کا روح ہے۔

منی کا بننا:

چالیس حصہ خوراک سے ایک حصہ خون اور چالیس حصہ خون سے ایک حصہ منی بنتی ہے۔

منی کا کام:

یہ وہ تخم ہے کہ جس سے انسان جیسا پھل جس کی کوئی قیمت ادا نہیں کی جا سکتی پیدا ہوتا ہے۔ جس کے ایک قطرے سے انسان جیسا ذیشان وجود میں آتا ہے۔ منی کا کام نسل بڑھانا ہے۔

شہوانی خیالات:

جب شہوانی خیالات نہیں ہوتے تو اس وقت منی کے بننے کی رفتار کم ہوتی ہے۔

جماع کے وقت:

جماع کرنے کے وقت اس کے بننے کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے۔

جماع کا خیال:

اگر ہر وقت جماع کا خیال رہے گا تو منی پتلی اور کمزور ہوگی۔ طاقت نہ ہوگی۔

منی کا انزال:

منی خصیوں میں پیدا ہو کر نالیوں کے ذریعے خزانہ میں آ کر اکٹھی ہوتی رہی ہے اور پھر وہاں سے بوقت جماع انزال کی صورت میں پیشاب کی نالی کے ذریعے سے خارج ہو جاتی ہے۔

منی کم ہونے کی وجوہات

بعض حالات اور وجوہات کی بنا پر منی کم پیدا ہوتی ہے۔ منی کم پیدا ہونے کی وجہ سے مردانہ طاقت میں بھی کمی ہو جاتی ہے۔ منی کم پیدا ہونے کے بہت سے اسباب ہیں۔

☆ غذا کی کمی یا ناقص غذا
☆ منی کے اعضاء میں سردی کے اثرات
☆ منی کے اعضاء میں غیر معمولی اور غیر طبعی گرمی پیدا ہو جانا
☆ منی کے اعضاء میں خشکی کا بڑھ جانا
☆ منی کے اعضاء میں غیر طبعی طور پر رطوبت کا پیدا ہو جانا

منی کم پیدا ہونے کے اسباب

منی کم پیدا ہونے کے اسباب یہ ہوتے ہیں کہ غذا کی کمی کی وجہ سے مریض دبلا پتلا ہوگا۔ کیونکہ خون صحیح طور پر پیدا نہیں ہوتا۔

علامات

مریض کا چہرہ زرد ہوتا ہے۔ بدن میں سستی پیدا ہوتی ہے۔ پست ہمت اور ضعف پیدا ہو جاتا ہے۔

علاج

ایسے مریضوں کا علاج بذریعہ اچھی خوراک کرنا چاہیے۔ غذا اچھی کھانی چاہیے مثلاً گھی، گوشت، مغزجات، انڈے، دودھ اور ایسی اشیاء جو منی پیدا کریں اور خون کو بڑھائیں۔ مریض کو ہم بستری نہیں کرنی چاہیے تاکہ منی میں اضافہ ہو اور سخت محنت والے کاموں کو نہ کرے۔

منی کے اعضاء میں سردی کے اسباب

علامات

جماع کرتے وقت انزال کا نہ ہونا اور ایسے ہی عضو تناسل کا انتشار ختم ہو جاتا ہے۔

علاج

ایسے مریضوں کے لئے سونٹھ کا مربہ بڑی بہترین چیز ہے۔ ہیرا ہینگ خالص پیس کر زردی بیضہ مرغ جو انڈہ ابال کر نکالی گئی ہو۔ ان سب کو ملا کر استعمال کرائیں۔ کبوتر کا گوشت، تیتر کا گوشت، چڑوں کا گوشت بڑا مفید ہے۔ عرق پیاز سرخ 1/2 پاؤ میں خالص شہد ملا کر ہلکی آگ پر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے پھر استعمال کریں۔

منی کے اعضاء میں غیر طبعی گرمی پیدا ہونے کے اسباب

منی کی تولید کم ہو جاتی ہے۔

علامات

منی گرم پیدا ہوگی اور اس کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ قوام پتلا اور انزال جلد ہوگا۔

علاج

ایسے مریضوں کو سرد اشیاء دینی چاہئیں۔ خرفہ گھوٹ کر پینا بڑا فائدہ کرتا ہے۔
ٹھنڈے مشروبات پینا فائدہ کرتا ہے۔ پالک توریاں کدو وغیرہ کھلائیں بے حد فائدہ کرتا ہے۔

منی کے اعضاء میں خشکی بڑھنے کے اسباب

کم منی تولید ہوتی ہے۔

علاج

دودھ مکھن، مغز بادام، چربی والا گوشت بغیر معالج کے کھلائیں۔ بہت فائدہ کرتا ہے۔ اصلی ترنجبین مصفی دو تولہ لیکر آدھ سیر دودھ میں حل کر کے چھان لیں اور ہلکی آگ پر پکائیں جب گاڑی ہو جائے تو ثعلب مصری 6 ماشہ ڈال کر نیم گرم روزانہ پلائیں۔

منی کے اعضاء میں رطوبت پیدا ہونے کے اسباب

علامات

منی کی تولید کم ہو جاتی ہے۔ منی پتلی ہو جاتی ہے۔ رگیں ڈھیلی اور سست ہو جاتی ہیں۔

علاج

خشک چیزوں کا استعمال کرائیں۔ زیرہ سیاہ دار چینی کا استعمال مفید ہے۔

اجزاء:

پوست ہلیلہ کابلی	2 تولہ	پوست ہلیلہ زرد	2 تولہ	پوست بہیڑہ	2 تولہ
آملہ مصفا	2 تولہ	شہد	25 تولہ		

ترکیب تیاری: ان تمام چیزوں کو کوٹ کر شہد میں معجون بنالیں۔
ترکیب استعمال: 1 تولہ صبح نہار منہ ہمراہ پانی اور 1 تولہ سوتے وقت

منی ضائع ہونے سے
پیدا ہونے والی علامات مرض

- ☆ منہ کا مزہ پھیکا ہو جاتا ہے
- ☆ بدن کا بھاری اور سست ہونا
- ☆ صبح کے وقت بستر سے اٹھنے کا دل نہ کرنا
- ☆ منہ خشک اور سانس بدبودار ہونا
- ☆ رات کو منہ سے پانی نکلنا
- ☆ ضعف معدہ کی شکایات ہونا
- ☆ قبض کا رہنا
- ☆ بدن کے عضلات کا کمزور ڈھیلا اور سست ہو جانا
- ☆ بدمزہ ڈکار آنا ،
- ☆ غذا کا اچھی طرح سے ہضم نہ ہونا
- ☆ کمر میں درد ہونا
- ☆ قوت کا بالکل کمزور ہونا
- ☆ خواہش مجامعت کا مٹ جانا
- ☆ پیشاب سے پہلے یا بعد میں جریان منی ہونا
- ☆ چہرے پر مردگی معلوم ہونا
- ☆ دل کا دھڑکتے رہنا

بار بار ہاتھ کی رگڑ سے منی نکالنا جس سے ایک ایسی بیماری پیدا ہو
جاتی ہے جس سے منی خود بخود نکلتی رہتی ہے باز رہیں اس کام سے
مشت زنی سے عضو تناسل میں پیدا ہونے والی خرابیاں

غلط کاموں سے بچپن کی جنسی بیماریوں کا علاج ممکن نہیں ہے
آپ کی صحت آپ کے ہاتھ میں ہے

مشت زنی

غلط کام برے کام کی وجہ سے عضو تناسل ایسے ہو جاتا ہے
چھوٹا ہو جاتا ہے ناکارہ ہو جاتا ہے

اطبائے قدیم کے مطابق

قوت مجامعت یا تو بالکل کم ہو جاتی ہے یا بالکل ہی زائل ہو جاتی ہے تھوڑا سا انتشار ہو کر ختم ہو جاتا ہے۔

ضعف باہ:

ضعف باہ کے بارے میں اطبائے قدیم لکھتے ہیں کہ جن لوگوں کو ضعف باہ کی بیماری ہو تو ایسے مریضوں کے پاؤں کو گرم پانی سے دھوئیں اور بعد میں کسی گرم روغن کی مالش کریں منی کو تقویت ہو جاتی ہے۔

عضو خاص:

عضو خاص کے اعصاب میں برودیت کی وجہ سے استرخا ہو تو عانہ خصیتین اور عضو خاص پر عاقر قرحا کو روغن چنبیلی میں ملا کر، فرقیوں اور مشک روغن چنبیلی میں حل کر کے ملنا بھی بڑا مفید ہوتا ہے۔ شیر کی چربی اس کے لئے بہت زیادہ مفید ہے۔

ضعف باہ:

ضعف باہ میں وہ لوگ مبتلا ہوتے ہیں جو رنج و غم اور نفسیاتی کدورتوں میں مبتلا ہوں۔ تمام اطباء اس بات پر متفق ہیں کہ ضعف باہ کے مریض کو اس قسم کی دوائیں دی جائیں جن میں یہ تین اوصاف ہوں۔

(۱) حرارت　(۲) رطوبت　(۳) نفخ

یہ تینوں اوصاف چنے میں موجود ہیں اور کسی مفرد چیز میں نہیں ہیں۔ شلجم، نخود، گوشت، پیاز، زردی بیضہ مرغ، پستہ بادام کا حریرہ دودھ شکر شہد میں بھی یہ تینوں اوصاف موجود ہیں۔ دودھ کے ساتھ ترنجبین اور خولنجاں کا کھانا بھی بڑا مفید ہوتا ہے۔ شیر کی چربی کا

طلاء عضو کو سخت کرتا ہے۔

مغز پنبہ دانہ، روغن چنبیلی، یا روغن قسط میں ملا کر عضو خاص پر طلاء کریں۔

باہ کی قوت کیلئے گاجر بہت اچھی چیز ہے۔ گاجر کا مربہ بھی مفید ہوتا ہے لیکن مربہ میں زنجبیل، شہد ملا لیں بڑا مفید ہے۔ بکری کا گوشت، پیاز شکر شہد اور زعفران ملا کر کھائیں۔
اونٹ کا گوشت بھون کر کھائیں۔

رنج و غم اور نفسیاتی کدورتوں میں مبتلا ہونے والے لوگ ضعف باہ میں مبتلا ہوتے ہیں

باہی ٹانک

تخم ترب کو پیس کر شہد میں ملا کر کھانے سے قوت باہ بڑھتی ہے۔ بوڑھا جوان ہو جاتا ہے۔

نوٹ: غذا میں صرف روٹی اور شہد کھائیں۔

چنے لیکر رات کو بھگو دیں اور کچے کھائیں اور اوپر سے ان کا پانی شہد ملا کر پی لیں تو ضعف باہ کے مریضوں کے لئے بڑا مفید ہے۔

ضماد یا لیپ

نامردی کیلئے:

دار چینی لیکر اس کو اچھی طرح سے کوٹ کر پیس لیں اور تھوڑا سا پانی ڈال کر اچھی طرح گھوٹیں، مرہم کی طرح ہو جائے۔

استعمال: رات کو حشفہ و سیون چھوڑ کر عضو پر لیپ کریں اور ارنڈ یا پان کا پتا گرم کر کے باندھ دیں اور صبح کو کھول دیں۔ ایک ہفتہ تک کریں۔ اس لیپ کے علاوہ سفوف 3 ماشہ دار چینی کو پیس کر رات کو دودھ سے کھائیں۔

فائدہ: عضو میں بہت قوت پیدا ہو جاتی ہے اور بہت مقوی باہ، بے پناہ انتشار پیدا کرتا ہے تمام عضو کی کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔

ضماد اکسیر باہ:

اجزاء:

ہنگ خالص	3 ماشہ	شہد	1 تولہ	پارہ	1/2 تولہ

ترکیب تیاری: ہنگ اور پارہ کو 12 گھنٹے کھرل کریں اور اس کے بعد شہد ملا کر مرہم تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: عضو خاص پر رات کو لگا کر اوپر پان کا پتا باندھ لیں اور صبح کھول دیں۔ ایک ہفتہ علاج کریں۔

عضو تناسل میں پیدا ہونے والی خرابیاں

مشت زنی سے عضو تناسل میں پیدا ہونے والی خرابیاں

عضو خاص کا بذریعہ پوٹلی علاج:

کمزور عضو خاص کو بیرونی طور پر طاقت دینے کے لئے علاج بذریعہ پوٹلی بھی کیا جاسکتا ہے۔

اجزاء:

سونڈھ	100 گرام نیم کوفتہ

ترکیب تیاری و استعمال: ململ کے صاف کپڑے کی دو پوٹلیاں بنالیں بھیڑ کے دودھ کو آگ پر رکھ کر گرم کریں اور پوٹلی اس دودھ میں باری باری ڈال کر گرم کر کے قضیب اور اس کے اردگرد ٹکور کریں۔صبح وشام آدھ گھنٹہ یہ عمل ایک ہفتہ تک کریں۔

فائدہ: عضو خاص کی کمزوری کو بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

ایضاً

اجزاء:

تل سیاہ	10 تولہ	عرق پیاز

ترکیب تیاری و استعمال: تل سیاہ کوٹ کر دو پوٹلیاں بنائیں اور پھر عرق پیاز کو گرم کر کے ٹکور کریں۔

فائدہ: بہت فائدہ ہوگا۔

ایضاً

اجزاء:

قیمہ بکرا یا بھینس	1 پاؤ	نمک طعام	30 گرام

ترکیب تیاری و استعمال: قیمہ اور نمک تھوڑا سا پانی ڈال کر پکائیں۔جب اچھی طرح گل جائے تو اس کو اچھی طرح سے گھوٹ لیں۔پھر پوٹلی کپڑے کی بنا کر عضو پیڑو کو سینک کریں اور یہی قیمہ عضو پر باندھ دیں اور سو جائیں اور صبح اس کو کھولیں اور گرم پانی سے دھوئیں۔ایک ہفتہ تک کریں۔

نوٹ: قیمہ چربی والا ہونا چاہیے۔

آلہ تناسل کی سستی کیوں ہوتی ہے؟

آلہ تناسل کی سستی اس میں سختی اکڑن کا نہ ہونا۔ جس کی وجہ سے انسان صحیح طریقہ سے جماع نہیں کرسکتا۔ اسے نامرد کہتے ہیں۔ اس کی بہت ساری وجوہات ہیں۔ جن میں چندایک درج ذیل ہیں:

جلق یعنی مشت زنی کرنا:

یہ مشت زنی کی بیماری خاص کر نوجوانوں، طالب علموں اور غیر شادی شدہ لڑکوں میں عام ہے یا پھر لونڈے بازی کرنا۔

آلہ تناسل میں ناجائز حرکت مشت زنی کی وجہ سے آلہ تناسل کمزور پڑ جاتا ہے اور اس کی رگوں میں گندہ پانی جمع ہو جاتا ہے اور پٹھے کمزور پڑ جاتے ہیں۔ صحیح طرح سے جماع بھی نہیں ہوسکتا۔ ادھورہ رہ جاتا ہے۔

کثرت جماع کے نقصان:

کثرت جماع سے منی پتلی اور دل جگر ودماغ کمزور ہو جاتا ہے۔

معدہ کی خرابی:

معدہ کی خرابی سے اور کئی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔

پیشاب:

پیشاب جل کر ٹیسیں مار کر آتا ہے۔

آلہ تناسل کی جڑ کا باریک اور ایک طرف کو ٹیڑھا ہو جانا اور آلہ تناسل کا چھوٹا ہونا رگوں کا پھول جانا اور شہوت نہ آنا۔

آلہ تناسل کی سستی دور:

اجزاء:

سات گری بادام رگڑی ہوئی۔

نسخہ: سم الفار سفید لیکر اس میں سات بادام مقشر کر کے ایک دن کھرل میں ڈال کر رگڑیں پھر دوسرے دن سات اور ڈال دیں اور کھرل کریں۔ صبح کے وقت ہمراہ بالائی کھلائیں۔ ساتھ ہی کوئی طلاء کا استعمال کرائیں۔

فائدہ: تناسل کی سستی ختم ہو جائے گی۔

ایضاً

تین چار عدد لونگ پان میں رکھ کر کھلائیں اور دودھ گھی کا استعمال کرائیں۔ آلہ تناسل کی سستی دور ہو جائے گی اور آلہ تناسل میں سختی آجائے گی۔

مضر اور مفید دوائیں

باہ کو طاقت دینے والی دوائیں:

شلجم	پیاز	مولی	بادام	خرما
پستہ	لعلب مصری	چلغوزہ	شقاقل مصری	موصلی سفید
خولنجاں	موصلی سنبھل	عاقرقرحا	تخم گاجر	زنجبیل
خشخاش سفید	چھڑیلہ	ریگ ماہی	دارچینی	مشک
تخم کونچ	مچھلی	گوشت	گھی	گوشت تیتر
کبوتر کا گوشت	بیضہ مرغ			

لذت دینے والی دوائیں:

لونگ	بیربوٹی	دارچینی	عاقرقرحا	کبابہ	زنجبیل
زعفران	عطر موتیا	عنبر	کافور		

باہ کو نقصان دینے والی دوائیں:

کاہو	کشنیز	بیخ نیلوفر	لیموں	عناب	تخم سنبھالو
نمک	ٹھنڈا پانی	اچار	املی		

مغلظ منی دوائیں:

موصلی سیاہ	موصلی سفید	سبوس اسبغول	پوپھلی	آرد سنگھاڑا	توردی
بہمن سرخ	بہمن سفید	کرکسی	موصلی سنبھل	تالمکھانہ	بیج بند
تخم تمر ہندی					

منی پیدا کرنے والی دوائیں:

سورنجان شریں	مگی پیاز	بادام	خرما	پستہ	بادام
ناریل	السی	شلجم	چلغوزہ	چنا	توردی سفید
زنجبیل	زعفران	شقاقل	دودھ	گوشت	

امساک پیدا کرنے والی دوائیں:

جوزبوا	الموں	بیربوٹی	گوگل	فلفل سیاہ	چرس
خراطین خشک	اجوائن خراسانی	قرنفل	مشک	زعفران	مصطگی
جاوتری	سمندر سوکھ	عاقرقرحا	اسپند	تخم ریحان	ریگ ماہی
تخم اوٹنگن	گل ببول	موچرس	وغیرہ		

Scanned by CamScanner

اس بیماری کا علاج ہے آگے دیکھیں

لوہے کی طرح سخت

لیکن ٹیڑھا پن یہ بیماری ہے اکثر لوگوں کے عضو تناسل ٹیڑھے ہو جاتے ہیں علاج آگے لکھا ہوا ہے

عضو تناسل کی سستی دور اور سختی پیدا کرنے والی ادویات

- ☆ تخم اوٹنگن باریک پیس کر پانی میں ملا کر عضو خاص پر ایک ہفتہ تک ضماد کریں۔
- ☆ اصلی چنبیلی کے تیل میں رائی پیس کر عضو پر صبح و شام ضماد کریں۔
- ☆ کانٹے پھل بھینس کے دودھ میں پیس کر رات کو عضو پر لیپ کریں اور صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں۔
- ☆ اسارون بکری کے تازہ میں دودھ میں پیس کر رات کو قضیب پر لگائیں۔
- ☆ سمندر پھل پتھر کی سیل پر گھس کر صبح و شام لیپ کریں۔

فائدہ: عضو کے ڈھیلے پن کو ختم کرتے ہیں اور عضو خاص میں سختی پیدا کرتے ہیں۔

طلسماتی دوائیں

- ☆ 15/20 دانے تخم اندرائن ہم بستری سے پہلے منہ میں رکھ لیں۔ پھر ہم بستری کریں جلدی انزال نہیں ہوگا۔ دانوں کو چبایا نہ جائے۔
- ☆ جڑ اونٹ کٹارا کی جڑ کا باریک سرمہ بنا لیں اور شہد خالص میں ملا کر لیپ کریں۔ صحبت کرنے سے ایک گھنٹہ پہلے لیپ عضو خاص پر کریں۔
- ☆ تخم دھتورہ سیاہ، گھونگچی سفید ان دونوں کو جوکوب کر کے آتشی شیشی میں بو کر تیل نکال لیں اور محفوظ کر لیں۔ صحبت کرنے سے ایک گھنٹہ پہلے پاؤں کے تلوؤں پر

مل لیں۔

نوٹ: دوا ملنے کے بعد پاؤں زمین پر نہ رکھیں۔
اساک کے لئے مجرب ہے۔

اساک کی طاقت

اساک کی طاقت مختلف لوگوں میں مختلف ہوا کرتی ہے۔ بعض اشخاص ڈیڑھ سے دو منٹ تک کی اساک کی قوت رکھتے ہیں بعض پانچ منٹ کی بعض دس منٹ کی اساک رکھتے ہیں وہ شخص جس کو ڈیڑھ منٹ کا اساک نہ ہو تو اس شخص کو سرعت انزال کا مریض سمجھنا چاہیے۔ اگر اسی طرح دس منٹ تک بھی انزال نہ ہو تو اسے بھی غیر طبعی سمجھنا چاہیے۔

مباشرت کے بعد کیا ہوتا ہے؟

مباشرت کے بعد دونوں میاں بیوی پر نیند اور سکون کا غلبہ طاری ہو جاتا ہے اس لئے ان دونوں کو چاہیے کہ اپنے اعضائے مخصوصہ دھو ڈالیں۔
مباشرت کے بعد پیشاب ضرور کریں کیونکہ اس سے پیشاب کی نالی صاف ہو جاتی ہے۔
مباشرت کے بعد ایک گلاس دودھ ضرور پئیں تا کہ مباشرت سے پیدا ہونے والی کمزوری دور ہو جائے۔

ٹیڑھے عضو تناسل کی ایک اور تصویر

کمزور آلہ تناسل

کمزور آلہ تناسل جس کی سختی ختم ہو چکی ہے

ضروری اطلاع

تمام بالغ افراد کو ضروری ہدایت اور اطلاع ہے کہ ممسک ادویہ اس وقت کھانی چاہئیں۔ جب غذا بالکل ہضم ہو جائے۔ 3/4 گھنٹہ بعد اور اس دن زیادہ تیز مصالحہ جات اور ترش اشیاء کا بالکل پرہیز کریں۔ جماع کے بعد دودھ زیادہ پئیں تا کہ خشکی دور ہو جائے۔

عضو خاص کا پتلا پن دور ہو جانا

اجزاء:

پوست بیخ ہینگ		پوست بیخ کشیز		پوست بیخ مدار	

ترکیب تیاری واستعمال: ان تینوں کو ہم وزن لیکر کوٹ چھان کر آب دھتورہ میں کھرل کریں اور گولیاں بنائیں۔ ہر روز رات کو ایک گولی ٹھنڈے پانی میں گھس کر قضیب پر لیپ کریں۔

فائدہ: کجی، پتلا پن دور ہو جاتا ہے اور پٹھوں کو بڑی تقویت دیتا ہے۔

جماع کے بعد طاقت واپس آجائے

اجزاء:

برادہ عود ہندی	3 ماشہ	مصطگی	3 ماشہ	تخم بنگین	1 ماشہ

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس کر شہد ملا کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: بعداز جماع 1 گولی سے چار گولی تک ہمراہ دودھ لیں۔

فائدہ: تمام تر کمزوری دور ہو جائیگی۔

ایضاً

اجزاء:

برگ ہینگ	1 ماشہ	افیون خالص	3 ماشہ	گل ارمنی	3 ماشہ
مصطگی رومی	3 ماشہ	عاقر قرحا	3 ماشہ	شنگرف رومی	3 ماشہ

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس کر 20 عدد گولیاں شہد میں بنالیں۔

ترکیب استعمال: 1 گولی ہمراہ دودھ جماع سے دو گھنٹے پہلے کھائیں۔ اگر پیاس لگے تو دودھ پئیں۔

پپی آئل

اجزاء:

خراطین خشک	2 تولہ	بیر بوٹی	2 تولہ	ریگ ماہی نر	2 تولہ
زعفران	2 تولہ	مشک اصلی	3 ماشہ	زردی بیضہ مرغ	10 عدد

ترکیب تیاری: ان کو گولیاں بنا کر تیل بذریعہ پتال جنتر نکالیں۔

ترکیب استعمال: آلہ تناسل پر مالش کریں اور تیل کے دو قطرے دودھ میں ڈال کر پلائیں۔

جماع کے بعد کی تھکن

جماع کے بعد کی تھکن دور کرنے کے لئے انتہائی سستا اور کامیاب نسخہ ہے اس کو

آزما کر دیکھیں۔ بعد از جماع بھینس کا دودھ 1/2 سیر لیکر اس میں مصری ڈال کر پینے سے تمام تھکن دور ہو جاتی ہے۔

کرشمہ حب مومیائی

اجزاء:

مومیائی	3 تولہ	گوند کیکر	1 تولہ	مصری	4 تولہ

ترکیب تیاری: ان سب دواؤں کو باریک پیس کر عرق گلاب میں گوند کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: جماع کے بعد سوا دو ماشہ پانی میں شہد ملا کر استعمال کریں۔

فائدہ: جماع کے بعد ہونے والی کمزوری نقاہت کو دور کرتی ہے۔ انسان ایسا محسوس کرنے لگتا ہے کہ جماع کیا ہی نہیں۔

حب مومیائی مجرب

اجزاء:

بہمن سفید		بہمن سرخ		جوہر لوبان	
ابریشم		ورق نقرہ		مصطلگی رومی	
خولنجاں		مومیائی اصلی	4 تولہ	سچے موتی	3 ماشہ
گوند کیکر	1 تولہ	روغن بادام	6 ماشہ	مشک خالص	1 ماشہ

ترکیب تیاری: سچے موتی عرق گلاب میں کھرل کریں۔ مومیائی اور گوند کو عرق گلاب میں پیس کر موتیوں کے ساتھ ملالیں۔ باقی تمام ادویات کو کوٹ کر باریک کر کے روغن بادام میں چرب کر کے باہم ملالیں اور پھر گولیاں چنے کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ کھائیں۔

فائدہ: قوت کو بڑھائے اور کمزوری کو دور کرے۔

حب پیغام

اجزاء:

شنگرف رومی	3 ماشہ	افیون خام	3 ماشہ	اجوائن خراسانی	6 ماشہ
		دھتورہ کے کچے پھل کا عرق	سوا تولہ		

ترکیب تیاری: ان تمام دواؤں کو عرق میں اچھی طرح سے کھرل کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: جماع سے 2 گھنٹے قبل 1 گولی ہمراہ دودھ کھائیں۔

قبل از جماع

عضوتناسل کبھی کبھی بغیر وجہ کے بھی انتشار میں آجاتا ہے خون کی تیزی کی وجہ ایسے عضوتناسل کی شکل ایسی ہو جاتی ہے۔

عضوتناسل ڈھیلا کیوں ہوتا ہے؟

عضوتناسل کے ڈھیلا ہونے کے چار اسباب ہوتے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں:

1۔بدن کی کمزوری
2۔زیادہ عرصہ تک جماع نہ کرنا
2۔ریاح اور خون کی پیدائش میں کمی
4۔اعصاب کی سستی

نامردی کے اسباب

مشت زنی شباب جوانی میں کچھ لوگ غلط کاریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ مشت زنی کرتے ہیں۔ اگر بہت زیادہ مشت زنی کی گئی ہو تو مرد نامرد ہو سکتا ہے۔ کچھ لوگ سن بلوغت کو پہنچنے سے پہلے ہی کسی نہ کسی بری صحبت کا شکار ہو جاتے ہیں اور نامردی کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

عام جسمانی کمزوری یا اعضاء رئیسہ کی کمزوری بھی قوت باہ کے لئے نقصان دہ ہوتی ہے اول تو ایسی حالت میں منی بہت کم پیدا ہوتی ہے اور دوسرے کہ بدن میں اعصابی کمزوری پیدا ہو جاتی ہے کیونکہ خون کے دورہ کے دوران عصبی کمزوری یا پھر ہاضمہ کی خرابی کے ساتھ نامردی لازمی ہو جاتی ہے بعض لوگوں میں چالیس سال سے شروع ہو کر پچاس سال تک نامردی ہو جاتی ہے بعض لوگوں کو ستر سال کے بعد نامردی ہوتی ہے۔

بھنگ، شراب، کوکین، تمباکو، دھنیا اور کافور وغیرہ کے زیادہ استعمال سے بھی نامردی ہو جاتی ہے۔

نامردی

Impotency

مرد کے عضو خاص میں ڈھیلا پن یا سستی عورت سے جماع کرنے کا خیال لاتے ہی اور فعل شروع کرنے سے پہلے ہی انزال ہو جانا اور اس مرض میں قوت جماع یا تو کم ہو جاتی ہے یا بالکل ہی ختم ہو جاتی ہے۔ جماع کی طرف رغبت نہیں ہوتی۔

کثرت جماع سے بھی نامردی ہو سکتی ہے۔ کثرت جریان منی و احتلام بھی اس کا باعث بن سکتا ہے اور بدہضمی، گیس، دماغی تناؤ، نفسیاتی وجوہات وغیرہ ہو سکتی ہیں۔

نامردی کا قدرتی علاج

نامردی کا قدرتی علاج یہ ہے کہ مریض کو چاہیے کہ فاقہ شروع کر دے کچھ دنوں کے بعد رس جوس وغیرہ پیے۔ اس کے بعد کچا پکا ہلکا ہلکا کھانا کھائے اور پھر آہستہ آہستہ اپنی متوازن غذا کا استعمال شروع کرے۔

گاجر کا جوس شہد ملا کر پئیں۔ منقیٰ، کھجور، انجیر، ناریل، خشک میوہ جات کو بھگو کر کھائیں۔ صبح کو دو عدد گری بادام شہد کے ساتھ کھائیں۔

☆ سات دن تک زعفران دودھ میں ملا کر پئیں۔
☆ پیاز کے رس میں شہد ملا کر پئیں۔
☆ رات کو دو چمچ ملٹھی اور سفوف دھنیا دودھ کے ساتھ لیں۔
☆ آملہ کا سفوف ہمراہ شہد لیں اور دودھ پئیں۔

☆ تین گرام ترپھلہ سفوف اور گرام تل کا تیل چھ گرام خالی پیٹ لیں۔
☆ دو تین چھوارے دودھ میں اچھی طرح ابال کر کھا لیں اور بعد میں یہ دودھ بھی پی لیں۔
☆ دو چمچ سنگھاڑے کے آٹے کو کھا کر اوپر سے دودھ پئیں۔
☆ پیپل کے پیڑ کے پھلوں کو سایہ میں سکھا کر باریک پیس لیں اور دس گرام روزانہ دودھ کے ساتھ کھا لیں۔
☆ روزانہ تیس ملی گرام سلاجیت دودھ کے ساتھ کھا لیں۔

اگر قوت باہ بالکل باطل ہوتی ہے تو اس کو نامردی کہتے ہیں۔ لیکن جب اس قوت میں نقصان لاحق ہوتا ہے تو اس کو ضعف باہ کہتے ہیں۔ نامردی یا ضعف باہ پیدائشی نقص کی وجہ سے ہو تو اس کا علاج نہیں ہے۔ پیدائشی نقص کے علاوہ ضعف باہ کا سب سے بڑا سبب اصول فطرت کی خلاف ورزی ہے۔ اس قوت کو غیر قدرتی طریقہ سے استعمال کیا جاتا ہے تو جسمانی قوتوں میں نقصان پیدا ہو جاتا ہے نظام ہضم خراب ہو جاتا ہے قلب اور دماغ کمزور ہو جاتا ہے خون کی پیدائش کم ہو جاتی ہے اس طرح سے آہستہ آہستہ مریض ناکارہ ہو جاتا ہے۔

ناتجربہ کار لوگ

اس قسم کے مریضوں میں تحریک پیدا کرنے والی ادویات سنکھیا۔ کچلہ وغیرہ دینا شروع کر دیتے ہیں جس سے فائدہ کی بجائے الٹا نقصان شروع ہو جاتا ہے۔ اس کے نظام ہضم کی تدبیر کریں تقویت دل و دماغ کی کوشش کریں۔

پرہیز: ترش اور سرد غذا سے پرہیز کریں۔

معدہ کی خرابی ہو تو دیر ہضم ثقیل چیزیں نہ کھائیں۔

Scanned by CamScanner

خاص ٹانک: نامردی کیلئے

اجزاء:

اسگندنا گوری		تخم ریحان		ثعلب مصری	
ستاور					

ترکیب تیاری: ان ادویات کو ہم وزن لیکر باریک سفوف بنائیں۔ جب سفوف تیار ہوجائے تو اس میں برگد کا دودھ اتنا ڈالیں کہ اوپر تک آجائے پھر سایہ میں رکھ کر خشک کرلیں خشک ہونے پر دوبارہ پیس لیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ صبح کے وقت اور شام کو ہمراہ دودھ کھائیں۔

فائدہ: نامردی کو بے حد فائدہ کرتا ہے۔

عضو خاص کا ٹیڑھا اور ڈھیلا پن ختم کرنیوالا طلاء

اجزاء:

لونگ ٹوپی دار	1 تولہ	دارچینی	1 تولہ	کچلہ	1 تولہ
جمالگوٹہ	1 تولہ	مالکنگنی	1 تولہ	عاقرقرحا	1 تولہ
جائفل	1 تولہ	جلوتری	1 تولہ	تخم دھتورا	1 تولہ
مغز چلغوزہ	1 تولہ	تمباکو خشک	1 تولہ	سفید کنیر کی جڑ	1 تولہ
تخم مولی	1 تولہ	زعفران	3 ماشہ		

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو باریک کوٹ کر بیضہ مرغ، اردوی 6 تولہ، شراب برانڈی 1 پاؤ ڈال کر خوب کھرل کریں اور پھر گولیاں بنالیں۔ آتشی شیشے والی بوتل میں گولیاں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کرلیں اور بعد میں چربی شیر 1 تولہ، چربی ریچھ 1 تولہ گرم کرکے ملائیں۔

جسم کا قیمتی پرزہ جس کو لوگ پہلے خراب کرتے ہیں پھر ہزاروں روپے لگا کر اسے درست کرتے ہیں برے کاموں سے بچیں

عضو خاص موٹا

عضو تناسل بڑا ہو کر بھی نیچے لٹکا رہتا ہے دوائی درج ہے علاج کریں یہ بھی ایک بیماری ہے جس کا علاج ہے۔

ترکیب استعمال: حشفہ چھوڑ کر 2 تین قطرے انگلی سے لگا کر آلہ تناسل پر لگائیں اور صبح وشام کو ہلکی سی مالش کریں۔اس کے بعد پان یا ارنڈ پتا باندھ دیں۔چند دنوں کے بعد چھوٹے چھوٹے دانہ نکل آئیں گے۔ مالش کو روک دیں پھر ایک ہفتہ بعد دوبارہ مالش کریں۔عضو کو خاص کر سرد پانی سے بچائیں۔

فائدہ: ہر قسم کی لاغری سستی کمزوری ڈھیلا پن ٹیڑھا پن ختم ہو کر عضو خاص میں بہت سختی پیدا ہو جاتی ہے۔نامردی کو ختم کر دیتا ہے۔

عضو خاص کی کمزوری دور کرنے والا طلاء

اجزاء:

سنکھیا سفید ڈلی	5 تولہ	عاقرقرحا	1 ماشہ	لونگ ٹوپی والے	1 ماشہ
جائفل	1 ماشہ	زعفران	3 رتی	بیر بوٹی	1 ماشہ
خراطین خشک	1 ماشہ	کنیر سفید کی جڑ	1 ماشہ	کستوری	2 رتی

ترکیب تیاری: سنکھیا سفید ڈلی لیکر شیر مدار میں تر کر کے پھر پانچ دن تک ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں تر رکھو اس کے بعد ڈلی کو ڈنڈا تھوہر کی ایک موٹی شاخ میں سوراخ کر کے رکھو بعد معیاد مذکور گائے کا آدھ پاؤ مکھن لیکر اس میں پانچ دن تک کھرل کرتے رہیں بعد چینی کی پلیٹ میں ڈال کر دھوپ میں ترچھا کر کے رکھ دیں تاکہ گھی پگھل کر نیچے کی طرف آتا رہے۔پھر اس گھی کو کسی صاف برتن میں ڈال لیں جتنا گھی نکلے اس کو وزن کر لیں اور ہر تولہ گھی میں بحساب عاقرقرحا،لونگ ٹوپی والے، جائفل، زعفران، بیر بوٹی، خراطین خشک، کنیر سفید کی جڑ اور کستوری ڈال کر دو دن تک کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: رات کو 2 تیل سے عضو خاص پر مالش کریں۔

فائدہ: عضو خاص کی ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔عضو خاص میں سختی پیدا کرتا ہے۔

عضوتناسل کرفربہ کرنے والا طلاء

اجزاء:

پوست بیخ کنیر سفید	5 گرام	دار چینی	5 گرام	پیاز نرگس	12 گرام
عاقر قرحا	7 گرام	افیون	3½ گرام	جوز بوا	5 گرام

ترکیب تیاری: ان تمام دواؤں کو کوٹ کر چھان لیں اور شراب مقطر میں 10/12 گھنٹے کھرل کریں اور پھر نصف گرام کی گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی لیکر قدرے شراب میں گھس کر لگائیں۔

فائدہ: اس کے بہت فائدے ہیں۔ ضعف شہوت میں بڑا مفید ہوتا ہے۔ ضعف اعصاب میں بجلی جیسا کرنٹ پیدا کرتا ہے۔ عضو خاص کو فربہ موٹا کرتا ہے۔

عضو خاص کو فربہ کرنے والا طلاء

اجزاء:

پوست بیخ کنیر سفید	5 تولہ	پوست بیخ کنیر سرخ	5 تولہ

ترکیب تیاری: ان دونوں چیزوں کو تازہ لیکر ٹکڑے کر لیں اور ٹکڑے کرنے کے بعد گیارہ سیر دودھ گائے لیکر اس میں اچھی طرح پکائیں اور پھر اس کا دہی جمالیں پھر دہی کو رڑک کر مکھن نکالیں اور مکھن کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور ساتھ ہی شیر مدار تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں یہاں تک کہ دس تولہ شیر مدار ہو جائے اس کے بعد برگ دھتورا کا پانی دس تولہ روغن کنجد دس تولہ ملا کر آگ پر رکھیں جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے تو یہ روغن تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو چار رتی عضو خاص پر آہستہ آہستہ مالش کر کے پھر پان کا پتا نیم گرم کر کے باندھ دیں۔ دو ہفتہ تک استعمال کریں۔

فائدہ: عضو خاص میں طاقت پیدا کرتا ہے۔ عضو خاص کو فربہ کرتا ہے۔

دار چینی

دار چینی کو منہ میں چبا کر لعاب کو قضیب پر لگانے سے ملذذ ہوتا ہے۔

لونگ

لونگ کو منہ میں چبا کر لعاب کو قضیب پر لگانے سے سستی عضو ختم ہو جاتی ہے۔

عضو خاص کیلئے روغن قوت باہ

ترکیب تیاری: سم الفار 1 تولہ لیکر زردی بیضہ مرغ ایک عدد میں کھرل کر لیں جب خشک ہو جائے تو دوسری زردی ملا دیں اسی طرح گیارہ انڈوں کی زردی کھرل کر لیں پھر گولیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کر لیں پھر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو حشفہ اور سیون چھوڑ کر عضو پر لگائیں۔

فائدہ: عضو خاص میں بہت زیادہ قوت اور سختی پیدا کر دیتا ہے۔

قضیب دراز ہو جائے

اجزاء:

خراطین	1 تولہ			جونک خشک	1 تولہ

ترکیب تیاری و استعمال: دودھ میں پیس کر کپڑے پر رکھ کر حشفہ چھوڑ کر لگائیں۔ آٹھ پہر کے بعد گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ کچھ دن یہ عمل کریں۔

فائدہ: قضیب دراز ہو جائے گا۔

عضو خاص میں قوت زیادہ ہو جائے

ترکیب تیاری و استعمال: زعفران کو ادرک کے رس میں ملا کر قضیب پر ضماد کریں اور چار گھنٹے لگا رہنے دیں پھر گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ تین چار دن یہ عمل کریں۔

فائدہ: عضو خاص میں قوت اور سختی ہو جاتی ہے۔

ایضاً

خالص ہیرا ہینگ کو لیکر شہد خالص میں ملا کر قضیب پر لیپ کرنے سے قضیب میں بے پناہ سختی آجاتی ہے۔

عضو خاص میں سختی آجائے

اجزاء:

پوست بیخ کنیر	سرخ	پوست بیخ کنیر	سفید	پوست بیخ کٹائی	خورد

ترکیب تیاری و استعمال: ہم وزن لیکر خوب پیس کر آلہ تناسل پر لیپ کریں۔

فائدہ: بے حد سختی پیدا کر دیتا ہے، ڈھیلے پن کو دور کر دیتا ہے۔

عضو خاص لوہے کی طرح سخت

ترکیب تیاری و استعمال: چربی شیر کو روغن چنبیلی میں حل کر کے دو رتی مشک ملا کر مالش کریں۔

فائدہ: عضو خاص کو سخت کرتا ہے، عضو خاص میں بے پناہ سختی پیدا کرتا ہے۔

نامرد لوگ جن کا عضو تناسل اندر رہتا ہے باہر نہیں آتا
لیکن اس کا علاج بھی اس کتاب میں ہے۔
نامردی بذریعہ ٹکور ختم ہو جائے ۰

شنگرف رومی	6 ماشہ	گندھک آملہ سار	6 ماشہ		

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو کوٹ کر ململ کا کپڑا لیکر اس کی پوٹلیاں بنالیں شیر گائے میں ڈال کر برتن کا منہ آٹے سے بند کردیں اور نرم آنچ پر رکھ دیں جب آدھارہ جائے اتارلیں اور جمادیں پھر مکھن نکال کر اس کا گھی بنالیں طلاء تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اور صبح کو نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

فائدہ: عضو خاص میں بے حد سختی پیدا کرتا ہے اور عضو کو فربہ موٹا کرتا ہے۔

عضو خاص سخت اور موٹا

اجزاء:

مغز جمالگوٹہ	4 ماشہ	بیر بوٹی	24 عدد	موم زرد	3 ماشہ
خراطین مصفی	3 ماشہ	تخم ارنڈ	24 عدد	عقر قرحا	3 ماشہ
سم الفار سفید	3 ماشہ	گندہ بیروزہ	3 ماشہ	روغن سرشف	10 تولہ

ترکیب تیاری: تمام سخت ادویات کو اچھی طرح سے کوٹ کر باریک پیس لیں پھر موم اور گندہ بیروزہ کو تیل میں پگھلا لیں اور پھر دیگر ادویہ ملا کر اچھی طرح سے کھرل کریں۔ پس طلاء تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو چار رتی دوا لگا کر اوپر نیم گرم پان کا پتا لپیٹ دیں۔ صبح اٹھ کر اتار دو اور دھولو۔

فائدہ: لاغری کمزوری دور کرتا ہے، عضو میں سختی پیدا کرتا ہے۔ جلق کے نقائص کو دور کرتا ہے۔ عضو خاص کو موٹا کرتا ہے۔

عضو تناسل فربہ اور موٹا ہونا ممکن ہے

اجزاء:

سم الفار	4 ماشہ	سہاگہ سفید	4 ماشہ	ہڑتال ورقیہ	1 تولہ
گندھک آملہ	1 تولہ				

ترکیب تیاری: ان تمام ادویات کو باریک پیس لیں تا کہ سرمہ کی طرح ہو جائے اس کے بعد زردی بیضہ مرغ 32 عدد لے کر کھرل کریں پھر گولیاں بنا لیں اور بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو چند قطرے سے مالش کریں اور اوپر برگ پان نیم گرم کر کے باندھ دیں اور اوپر کپڑا دھاگہ لپیٹ دیں صبح اٹھ کر نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فائدہ: کمزوری اور لاغری کو دور کرتا ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ عضو خاص کو فربہ اور موٹا کرتا ہے۔

عضو فربہ کی تسکین کے لئے

اجزاء:

میٹھا تیلیلہ	1 تولہ	سنکھیا سفید	2 ماشہ	فراطین مصفیٰ	1 تولہ
انبہ ہلدی	1 تولہ	مسکہ میش	2 تولہ	شنگرف رومی	3 ماشہ

ترکیب تیاری: ان تمام ادویات کو عرق پیاز میں بھگو کر تر کریں خشک ہونے پر شیر مدار میں تر کریں اور خشک کر لیں۔ پھر تمام ادویات کو کوٹ پیس کر مکھن میں ملا کر کسی موٹے کپڑے کی بتی بنا کر آگ لگا دیں اور نیچے کوئی برتن رکھیں تا کہ تیل اس میں گرے جب بتی تمام جل جائے تو تیل کو محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔

فائدہ: پٹھوں کی تمام خرابیوں کو دور کر دیتا ہے۔ لاغری و کمزوری کو دور کرتا ہے۔ عضو تناسل کو فربہ موٹا کرتا ہے۔ جلق کی خرابیوں کو دور کرتا ہے۔

عضو تناسل کو راحت ملے

اجزاء:

ماہی سیاہ	1 عدد	ماہی سفید	1 عدد	ماہی سقنقور	1 عدد
کچلہ	2 تولہ	عاقر قرحا	6 ماشہ	لونگ	6 ماشہ
گوگچی سفید	2 تولہ	اسگندنا گوری	6 ماشہ	سلاجیت	6 ماشہ
افیون	6 ماشہ	جوز بوا	6 ماشہ	چربی شیر حسب	ضرورت

ترکیب تیاری: ماہی سیاہ اور گوگچی تک ساری دواؤں کو تین دن تک شراب میں بھگوئے رکھیں اور بقیہ دواؤں کو شیر کی چربی میں پگھلا کر دوسری دواؤں کو شامل کریں۔ اور محفوظ کر لیں طلاء تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت 2 رتی عضو تناسل پر مالش کریں اور اوپر

پان کا پتا باندھ دیں صبح اٹھ کر پان کا پتا اتار دیں اور نیم گرم پانی سے دھو دیں۔

فائدہ: عضو تناسل کی کمزوری، لاغری کو ختم کر کے فربہ موٹا کرتا ہے۔

عضو تناسل موٹا ہو جائے

اجزاء:

شنگرف	1 تولہ	استخوان ماہی	1 تولہ	گوگچی سفید	1 تولہ
مازو	1 تولہ	افیون	2 تولہ	فراطین	7 تولہ
سرمہ سفید	1 تولہ	شیطرنج ہندی	1 تولہ	فلفل سیاہ	5 تولہ
تخم دھتورہ	3 تولہ	تخم ترب	4 تولہ	تخم گذر	4 تولہ
قرنفل	7 تولہ	مالکنگنی	7 تولہ	زاک سرخ	1 تولہ

ترکیب تیاری: ان تمام ادویات کو روغن کنجد اکلوس میں بھگوئیں اچھی طرح سے مل چھان لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔

فائدہ: جلق کو مفید ہے۔ کمزوری و لاغری دور کرتا ہے۔ فربہ موٹا کرتا ہے۔

ست اور کمزور عضو تناسل

برے لوگوں کا آخر کار عضو تناسل ٹیڑھا ہوا اور باریک ہونا شروع ہو جاتا ہے

مشت زنی سے عضو تناسل میں پیدا ہونے والی خرابیاں

اس بیماری کا علاج درج ہے آگے دیکھیں

پریشانیاں دور

عضو تناسل میں سختی پیدا ہو جائے

اجزاء:

سنکھیا	1 ماشہ	ریدار سنگ	1 ماشہ	ہڑتال	1 ماشہ
بادہ	1 ماشہ	عرق برگ کٹائی خورد	1 ماشہ	مکھن	3 تولہ

ترکیب تیاری: ان سب دواؤں کو پہلے عرق میں اس کے بعد مکھن میں ملالیں اور کھرل کرلیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت مالش کریں۔

فائدہ: اعصاب کی کمزوری عضو تناسل کی بہت سے خرابیوں کو دور کرتا ہے۔

عضو خاص کو لمبا کرے

ترکیب تیاری: ایک عدد جونک لے کر اس کو ناریل کے اندر رکھ دیں ناریل میں پانی ہونا ضروری ہے۔ پھر اس کو محفوظ جگہ پر رکھ دیں جب خشک ہو جائے تو جونک نکال کر پیس لیں اور روغن کنجد میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: رات کو مالش کریں عضو خاص پر

فائدہ: عضو خاص کو لمبا اور موٹا کرتا ہے۔

Scanned by CamScanner

آلہ خاص سخت ہو جائے

ترکیب تیاری: نرگسی پیاز کو چوبیس گھنٹے دودھ میں بھگوئیں اور پھر نکال کر خشک کر لیں اور پس لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو آلہ خاص پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلاء کریں۔

فائدہ: بہت فائدہ میں مند ہے اور آلہ خاص کو سخت کرتا ہے۔

حب لطفی: محبت و مزہ کیلئے

اجزاء:

لونگ	6 رتی	جوتری	3 ماشہ	افیون	1/2 تولہ
مشک	12 رتی	زعفران	1/2 تولہ	عرق برگ پان	1/2 تولہ
عرق ادرک	1/2 تولہ				

ترکیب تیاری: دوائیں کوٹ چھان کر دونوں عرقوں میں شہد تھوڑا ڈال کر کھرل کریں پھر 1 ماشہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: کھانے ہضم ہونے کے بعد ایک گولی کھالیں اور پھر چار گھنٹے انتظار کریں۔

ایضاً

اجزاء:

زعفران		لونگ		افیون	
مشک		شہد			

ترکیب تیاری: تمام ہم وزن لیکر کوٹ کر شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: 1 گولی جماع سے پہلے ہمراہ دودھ کھائیں۔

ایضاً

اجزاء:

موچرس	4 ماشہ	شنگرف	4 ماشہ	افیون	4 ماشہ
سہاگہ	1 ماشہ				

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو کوٹ کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: 1 گولی وقت سے پہلے کھائیں۔

حب ضعف جماع ختم ہو

اجزاء:

مومیائی اصلی	3 حصہ	گوند ببول	1 حصہ	مصری	برابر

ترکیب تیاری: عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: 2 گولیاں ہمراہ شہد کے پانی سے کھائیں۔

فائدہ: جماع کے بعد جو کمزوری ہو جاتی ہے اس کو فورا بحال کر دیتی ہے۔

عضو خاص کا ڈھیلا پن دور اور عضو کو طاقتور بنائے

اجزاء:

چربی شیر	6 گرام	روغن قسط	30 ملی لیٹر		

ترکیب تیاری: چربی کو روغن میں پگھلا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو عضو خاص پر مالش کریں۔ حشفہ اور سیون کو چھوڑ کر صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فائدہ: عضو خاص میں بہت زیادہ سختی پیدا کر دیتا ہے۔

درازی عضو خاص

اجزاء:

خراطین مصفی	50 گرام	روغن کنجد	100 گرام		

ترکیب تیاری: خراطین کو پیس کر روغن کنجد میں ملالیں اور طلاء کریں۔

فائدہ: عضو خاص دراز ہو جائے گا۔

عضو خاص کو سخت کرنے والا طلاء

اجزاء:

مشک	1 ماشہ	عاقر قرحا	1 ماشہ	فرفیون	1 ماشہ

ترکیب تیاری: ان سب کو پیس روغن یاسمین میں ملا کر طلاء کریں۔

فائدہ: عضو خاص کو بڑا سخت کر دیتا ہے۔

امساکی گولیاں

اجزاء:

عقر قرحا		جائفل		افیون	
عود		لونگ		شہد	

ترکیب تیاری: سب کو ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر شہد ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: جماع سے چار گھنٹے قبل 2 گولیاں ہمراہ دودھ کھالیں۔

ضروری تاکید: جب تک لیموں کا رس نہ چوسیں گے امساک قائم رہے گا۔

Scanned by CamScanner

آلہ تناسل کو موٹا اور لمبا کرنیوالا طلاء

اجزاء:

مالکنگنی	10 تولہ	بیر بوٹی	10 تولہ		

ترکیب تیاری: ان کو پیس کر آتشی شیشی میں روغن نکال لیں۔

ترکیب استعمال و فائدہ: مالش کریں موٹا لمبا اور انتہائی طاقتور ہو جائے گا اور کمزوری سستی کو فوراً سختی اور مضبوطی میں بدل دے گا سستی وغیرہ کو ختم کر دیتا ہے۔

روغن تھکنس

اجزاء:

مالکنگنی	10 تولہ	زردی بیضہ مرغ	2 عدد	سانڈے	2 عدد

ترکیب تیاری: سانڈے کا قیمہ کریں اور ان چیزوں میں ملا کر پتال جنتر کے ذریعے تیل نکال لیں۔

ترکیب استعمال: صرف چند یوم استعمال کریں۔

فائدہ: آلہ تناسل کی ہر قسم کی تمام خرابیوں کو دور کرتا ہے اور طاقت پیدا ہو جاتی ہے سختی آجاتی ہے اور ڈھیلا پن ختم ہو جاتا ہے۔

زیادہ لطف دینے والا محبتی طلاء

اجزاء:

عطر موتیا	1/2 ماشہ	عطر فس	1/2 ماشہ	عطر کیوڑہ	1/2 ماشہ
عطر گلاب	1/2 ماشہ	کستوری	1/2 ماشہ	عنبر	1/2 ماشہ
عاقر قرحا	3 ماشہ	زعفران	3 ماشہ	دارچینی	3 ماشہ

پیغام مسرت

(نامردوں کے لئے)

اجزاء:

پارہ	2تولہ	سم الفار سفید	2تولہ	بیربوٹی	2تولہ
زردی بیضہ مرغ	5تولہ				

ترکیب تیاری: پارہ اور سم الفار کو اچھ طرح سے خوب کھرل کریں جب دوا خشک ہو جائے گولی بننے کے قابل ہو جائے چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور آتشی شیشی میں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔

ھدایت: آگ کوئلوں کی شیشی کے گرد ہلکی رکھیں۔ تقریباً ایک گھنٹہ بعد تیل نکالیں۔

ترکیب استعمال: ضرورت کے وقت ایک پان کا پتہ لیکر ذرا سینک لیں پھر اس پر روغن چوپڑ کر اس پان کو حشفہ اور نچلا حصہ چھوڑ کر باندھیں اور صبح کو کھول دیں چند روز کریں آبلہ پڑے تو پھر نہ کریں۔ گائے کا گھی گرم کیا ہوا لگائیں۔ دن میں 3/4 دفعہ لگائیں۔

فائدہ: بے پناہ طاقت پیدا ہو جائے گی۔

آلہ تناسل اور جسم فولاد بن جائے

اجزاء:

موصلی سیاہ	1تولہ	موصلی سفید	1تولہ	ثعلب مصری	1تولہ
تودری سرخ	1تولہ	تودری زرد	1تولہ	بہمن سرخ	1تولہ

بہمن سفید	1تولہ	شقاقل	1تولہ	ستاور	1تولہ
مغز کدو	2تولہ	مغز خیارین	2تولہ	پستہ	2تولہ
مغز بادام	5تولہ	مغز نارجیل	5تولہ	چاول کشمیز	5تولہ
کشمش	10تولہ	بادیاں	10تولہ	آرد گندم	1 کلو
روغن گائے	ڈیڑھ سیر	چینی	اڑھائی کلو		

ترکیب تیاری: آرد گندم کو گھی میں بریاں کر کے پھر سب کو ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: 5تولہ

ڈھیلا پن جماع کے بعد ختم

اجزاء:

مومیائی اصلی	3ماشہ	زعفران	3ماشہ	جائفل	3ماشہ
مصطگی رومی	3ماشہ	دانہ الائچی خورد	3ماشہ	جدوار	3ماشہ
خطائی	3ماشہ	مروارید اصلی		مایہ شتر اعرابی	
ورق نقرہ		تخم گذر		گوند کیکر	
ورق طلاء	1ماشہ	مشک اصلی	1/2ماشہ		

ترکیب تیاری: سب سے پہلے مومیائی کو روغن بادام میں پگھلا کر باقی سب ادویہ کو باریک کر کے ملالیں اور اس میں عرق گلاب ڈال کر گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: بعد از جماع ایک یا دو گولی ہمراہ نیم گرم دودھ سے کھالیں۔

آلہ تناسل بوڑھا جوان ہو جائے

اجزاء:

آرد چھوہارہ	1/2 کلو	آرد ماش	1/2 کلو	تخم تمر ہندی	10 تولہ
موصلی سنبل	2 تولہ	تخم جامن	2 تولہ	نخود بریاں	2 تولہ
تالمکھانہ	9 ماشہ	موچرس	9 ماشہ	بہمن سرخ	9 ماشہ
طلاء ماہی

(عضو تناسل کو فربہ کرنے والا طلاء)

اجزاء:

ماہی سیاہ 1 عدد، ماہی سفید 1 عدد، ماہی سرخ 1 عدد، کچلہ 2 تولہ، کونکھچی سفید 2 تولہ، عاقر قرحا 6 ماشہ، لونگ 6 ماشہ، اسگندنا گوری 6 ماشہ، سلاجیت 6 ماشہ، افیون 6 ماشہ، جوزبوا 6 ماشہ، چربی شیر بقدر ضرورت

ترکیب تیاری:

ماہی سفید سے کونکھچی تک تمام دواؤں کو تین روز تک شراب میں تر رکھیں اور بقیہ دواؤں کو پیس کر شیر کی چربی میں پگھلا کر پھر تمام دواؤں کو شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

استعمال:

2 رتی رات کو سوتے وقت حسب دستور عضو مخصوص پر مالش کریں اور اوپر بنگلا پان نیم گرم باندھ دیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فوائد:

عضو مخصوص کی لاغری، کجی دور کرتا ہے اور فربہی پیدا کرتا ہے۔

☆

طلاء ممسک

(امساک پیدا کرنے والا طلاء)

اجزاء:

پوست بیخ آکھ 2 تولہ، کچلہ 1 تولہ، پوست بیخ کنیر 4 تولہ، عرق چوب کیوڑہ بقدر حاجت، پتہ گاؤ بقدر ضرورت

ترکیب تیاری:

تمام دواؤں کو پیس کر عرق مذکورہ اور گائے کے پتہ میں گھول کر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال:

مجامعت سے دو گھنٹہ قبل ایک گولی پوست خشخاس کے جوشاندہ میں حل کر کے حشفہ وسیون چھوڑ کر طلاء کریں۔

فوائد:

باہ کو قوت دیتا ہے۔ امساک پیدا کرتا ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔

☆

طلاء جلق زدہ

(جلق کی خرابیوں کو دور کر کے عضو کو فربہ کرنے والا طلاء)

اجزاء:

خراطین مصفی 1 تولہ، انبہ ہلدی 1 تولہ، میٹھا تیلیہ 1 تولہ، سنکھیا سفید 2 ماشہ، شنگرف رومی 3 ماشہ، مسکہ میش 2 تولہ

ترکیب تیاری:

تمام دوائیں کو عرق پیاز میں تر کریں۔ خشک ہونے پر شیر مدار میں تر کر کے خشک

روغن مجلوق خاص

اجزاء و ترکیب تیاری:

سم الفار سفید 1 تولہ لے کر روزانہ ایک انڈے کی زردی میں کھرل کریں یہاں تک کہ چالیس روز میں چالیس انڈے صرف ہو جائیں۔ پھر حسب دستور بذریعہ پتال جنتر روغن نکال کر محفوظ رکھیں۔

استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر قضیب پر مالش کریں۔ اوپر برگ پان باندھیں۔ رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

☆

طلاء سم الفار

(اعصاب کو طاقت دینے اور عضو کو فربہ کرنے والا طلاء)

اجزاء:

ہڑتال ورقیہ 1 تولہ، گندھک آملہ سار 1 تولہ، سہاگہ سفید 4 ماشہ، سم الفار 4 ماشہ

ترکیب تیاری:

سب چیزوں کو مثل سرمہ باریک پیس لیں اور زردی بیضہ مرغ 32 عدد میں کھرل کریں۔ پھر لمبی لمبی گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر چند قطرے مالش کریں اور اوپر برگ پان نیم گرم کچے سوت سے باندھ دیں۔ رات کو باندھیں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فوائد:

کجی و لاغری کو دور کرتا ہے اور اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ فربہی پیدا کرتا ہے۔

طلائے تھرقرحا

(عضو کو فربہ اور سخت کرنے والا طلاء)

اجزاء:

سم الفار سفید 3 ماشہ، عقرقرحا 3 ماشہ، خراطین مصفیٰ 3 ماشہ، گندہ بیروزہ 3 ماشہ، موم زرد 3 ماشہ، مغز جمالگوٹہ 4 ماشہ، مغز تخم ارنڈ 24 عدد، بیر بہوٹی 24 عدد روغن سرشف 10 تولہ

ترکیب تیاری:

سخت ادویہ کو خوب باریک پیس لیں۔ پھر دیگر ادویہ ملا کر خوب کھرل کر لیں۔

استعمال:

دو چار رتی دواء لگا کر نیم گرم برگ پان لپیٹ دیں۔ رات کو باندھیں اور صبح دھو ڈالیں۔

فوائد:

جلق کی وجہ سے پیدا شدہ نقائص دور کرتا ہے۔ کجی، لاغری دور کر کے عضو کو فربہ اور سخت بناتا ہے۔

☆

روغن خاص

(عضو کو فربہ اور سختی کرنے والا طلاء)

اجزاء:

سم الفار سفید، شنگرف رومی، گندھک آملہ سار، ہڑتال ورقیہ، کچلہ، عروسک، بیخ کنیر، زنجبیل، خرما، لونگ، جوز بوا، عقرقرحا، سورنجاں شیریں، مغز تخم ارنڈ، اسگندھ ناگوری، قسط تلخ، گوگل (ہر ایک 1 ماشہ)

ترکیب تیاری:

سب دواؤں کو جوکوب کر کے ململ کے کپڑے میں چھوٹی چھوٹی پوٹلیاں باندھیں۔ شیر گاؤ میں ڈال کر برتن کا منہ آٹے سے مضبوط بند کر دیں اور نرم آنچ پر رکھ کر نصف رہ جانے پر اتار لیں۔ ضامن لگا کر بلو دیں۔ مکھن الگ کر کے اس کا گھی بنائیں۔

استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر چند قطرے مالش کریں۔ رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھوئیں۔

فوائد:

فربہی پیدا کرتا ہے۔ عضو میں سختی پیدا کرتا ہے۔

☆

طلائے شیر مدار

(جلق کے نقائص دور کرنے والا طلاء)

اجزاء:

میٹھا تیلیہ 1 تولہ، عقرقرحا 6 ماشہ، سیندور 3 ماشہ، شیر مدار 4 تولہ، روغن گاؤ 4 تولہ

ترکیب تیاری:

سب کو لوہے کی کڑاہی میں اس قدر گھوٹیں کہ جملہ اجزاء یکجان ہو جائیں۔

استعمال:

تین چار رتی کی مقدار میں لے کر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔

فوائد:

جلق کی وجہ سے پیدا شدہ نقائص کو دور کر کے عضو مخصوص میں فربہی پیدا کرتا ہے۔

☆

طلاء خاص

(عضو کی کجی، لاغری دور کرنے والا طلاء)

اجزاء:

روغن بام مچھلی 1 تولہ، روغن بیضہ مرغ 1 تولہ، روغن قرنفل 1 تولہ، چربی بط 1 تولہ، روغن جمالگوٹہ 6 ماشہ

ترکیب تیاری:

تمام روغنیات اور چربی کو مسلسل ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

استعمال:

رات سوتے وقت حسب دستور مالش کریں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھوئیں۔

فوائد:

کجی، لاغری دور کرتا ہے۔

☆

دوائے خراطین

اجزاء:

خراطین خشک 1 تولہ، بھیڑ کا دودھ حسب ضرورت

ترکیب تیاری:

خراطین کو پیس کر ایک گھنٹہ تک بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے کھدر کے کپڑے پر ضماد کر لیں۔

استعمال:

ضماد کرنے کے بعد عضو مخصوص پر آٹھ پہر تک باندھیں۔

فوائد:

برائے درازی، فربہی وہمواری بہت ہی مفید ہے۔ دو ہفتہ کا استعمال کامل فائدہ دیتا ہے۔ تعجب خیز درازی اور فربہی پیدا کرتا ہے۔ حد درجہ طاقت بخش ہے۔ ناقابل برداشت انتشار پیدا کرتا ہے۔

☆

طلاء اسرار

(عضو کو دراز اور فربہ کرنے والا طلاء)

اجزاء:

خراطین 5 تول، جونک 5 تولہ، گھونگچی سفید 3 تولہ، بیر بہوٹی 10 تولہ

ترکیب تیاری:

جملہ ادویہ کو ایک روغنی ہانڈی میں آٹھ دن تک مدار کے دودھ میں تر رکھیں۔ پھر کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور حسب دستور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

استعمال:

رات کو تقریباً پانچ منٹ تک اس طلاء کی مالش کریں اور برگ پان باندھیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھوئیں۔ دو ہفتہ یا حسب ضرورت کم وبیش استعمال کریں۔

فوائد:

مجلوق اور عضو مفلوج کے لئے آب حیات ہے۔ درازی، فربہی کے لئے مجرب طلاء ہے۔

☆

طلاء سنیاسیاں

(عضو خاص کی مردہ رگوں میں طاقت پیدا کرنے والا طلاء)

اجزاء و ترکیب تیاری:

پوست بیخ کنیر سفید تازہ کو پیس کر قرص بنالیں اور ان اقراص کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ پھر صاف کر کے روغن کو محفوظ رکھیں۔

استعمال:

باریک کپڑے کی ایک پٹی روغن سے تر کر کے عضو پر باندھ کر سو جائیں۔ صبح کھول دیں۔ ایک ہفتہ تک یہ عمل کریں۔

فوائد:

بے ضرر اور آسان طلاء ہے۔ مردہ رگوں میں طاقت کا ہیجان پیدا کرتا ہے۔

☆

طلاء اعظم

جزاء:

قسط تلخ 3 تولہ، عقر قرحا 3 تولہ، کباب چینی 2 تولہ، فلفل سفید 3 تولہ، فرفیون 2 تولہ، کندش 3 تولہ

ترکیب تیاری:

جملہ ادویہ کو سیر بھر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح جوش دیں تا کہ پاؤ بھر پانی رہ جائے پھر کپڑے میں چھان کر پانی کو کسی دیگچی میں ڈال کر روغن بلساں 3 تولہ، روغن مالکنگنی 3 تولہ، روغن بیر بہوٹی 3 تولہ، روغن زیتون 9 تولہ، عنبر 6 ماشہ، روغن دارچینی 3 ماشہ، روغن جمالگوٹہ 2 ماشہ، روغن لونگ 3 ماشہ کا اضافہ کر کے درمیانی آگ پر پکائیں۔ پانی خشک ہو کر صرف روغن رہ جائے تو دو عدد بھلانوہ کلاہ بریدہ اس روغن میں سوختہ کر لیں۔ سرد ہونے پر چھان کر محفوظ رکھیں۔

استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر پانچ منٹ تک عضو خاص کے ہر طرف مالش کریں۔ مالش آہستہ کریں تا کہ تیل جذب ہو۔ پھر اوپر برگ پان باندھ دیں۔ رات کو یہ عمل کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فوائد:

عضو کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ رگوں پٹھوں کو مضبوط بناتا ہے۔ نیلی ابھری ہوئی رگوں کو درست کرتا ہے۔ عضو کی لاغری دور کر کے فربہی اور سختی پیدا کرتا ہے۔ جلق کی تمام خرابیوں کو دور کرتا ہے۔

☆

طلاء عجیب

(عضو کی سستی دور، طاقت اور سختی پیدا کرنے والا طلاء)

اجزاء:

زعفران 6 ماشہ، قرنفل 6 ماشہ، جوتری 6 ماشہ، بیر بہوٹی 6 ماشہ، گھونگچی سفید 6 ماشہ، عقر قرحا 2 ماشہ، سم الفار 2 ماشہ، خراطین خشک 2 ماشہ

ترکیب تیاری:

زردی بیضہ مرغ 20 عدد لے کر حسب دستور روغن نکال کر درج ذیل ادویہ کو پیس کر ملا کر مسلسل 6 گھنٹے تک کھرل کریں اور کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تین گھنٹے تک پیس کر حسب دستور کام میں لائیں۔

استعمال:

دو قطرے روغن کی مالش کریں۔ سیون اور حشفہ کو محفوظ رکھیں۔ اوپر برگ پان باندھیں۔ جلن وغیرہ ہو تو طلاء کا استعمال ترک کر کے روغن چنبیلی کی مالش کریں اور اگلے دن

پھر طلاء کریں۔

فوائد:

زکاوت حس اور ادرار منی کو دور کرتا ہے۔ پٹھوں کی سستی کو دور کر کے طاقت اور سختی پیدا کرتا ہے۔ عجیب خوبی یہ ہے کہ امساک بھی پیدا کرتا ہے۔ جلق کی وجہ سے پیدا شدہ سرعت انزال کی شکایت بھی دور کرتا ہے۔

......☆......

کیمیائے جلق

(جلق زدوں کے لئے تریاق)

اجزاء:

سرشف، خردل، عقر قرحا، بیر بہوٹی، مال کنگنی، دار چینی، کباب چینی، پوست بیخ کیکر سفید خشک قسط تلخ

ترکیب تیاری:

اجزاء تمام ہم وزن لے کر کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔

استعمال:

ایک جنگلی کبوتر کو ذبح کر کے پیٹ صاف کریں اور بال و پر وغیرہ کے ساتھ 3 سیر پانی میں پکائیں۔ پانی نصف رہ جائے تو پانی کو صاف کر کے ایک لوٹے میں بھر کر پیڑو اور عضو پر نیم گرم نطول کریں۔ اس کے بعد کپڑے سے خشک کر کے مذکورہ بالا سفوف بقدر 2 تولہ کی پوٹلی بنا کر کسٹرائل گرم شدہ میں ڈبو کر کچھ وقفہ کے بعد عضو خاص اور اس کے اردگرد، پیڑو، رانوں وغیرہ پر نصف گھنٹہ تک ٹکور کر کے پوٹلی کی دواؤں کو عضو پر باندھ کر سو جائیں۔ سرد پانی سے بچائیں۔

فوائد:

جلق زدوں کے لئے تریاق ہے۔ ہر قسم کی خرابیوں کو یہ پوٹلی دور کرتی ہے۔

طلائے بھلانوہ

(عضو خاص کی کجی، لاغری دور کرنے والا طلاء)

اجزاء و ترکیب تیاری:

بھلانوہ کلاہ دور کردہ 10 تولہ کو دو سیر دودھ میں جوش دیں۔ نصف رہ جائے تو اتار کر اس کی دہی جمادیں۔ بلو کر مکھن نکالیں۔ مکھن 10 تولہ اور سانڈے کی چربی 5 تولہ ہر دو کو ملا کر گرم کریں اور اس میں جونک 4 عدد (جن کو گدھے کے خصیوں کا خون پلا کر سائے میں خشک کیا گیا ہو)، بیر بہوٹی 4 تولہ، پوست بیخ کیکر سفید خشک 3 تولہ، فرفیون 1 تولہ، عنبر 9 ماشہ، مشک 6 ماشہ، جند بیدستر 1 تولہ کو جوش دے کر چھان کر شیشی وغیرہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال:

ضرورت کے وقت 10 منٹ تک عضو پر مالش کریں اور برگ پان باندھیں۔ رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھولیں۔

فوائد:

عضو مخصوص کی جملہ خرابیوں کا بہترین علاج ہے۔

......☆......

طلاء برائے مجلوق وست

(کجی، لاغری دور کرنے والا طلاء)

اجزاء:

جائفل 6 ماشہ، قرنفل 21 عدد، عقر قرحا 3 ماشہ، بیر بہوٹی 1 تولہ، چربی مینڈک 1 تولہ، مشک 3 ماشہ، شیرہ برگ چنبہ 3 تولہ

ترکیب تیاری:

سب چیزوں کو پیس کر نخودی گولیاں بنائیں اور ایک شیشی میں ڈال کر بذریعہ

پتال جنتر تیل نکالیں۔ تیل نکالنے کے لئے شیشی کے گرد ریت دو دو انگل ضرور ڈالیں اور اوپر بیری کی لکڑیوں کی آگ دیں۔

استعمال:
حقنہ اور سیون چھوڑ کر استعمال کریں۔

فوائد:
جلق کی وجہ سے پیدا شدہ نقائص کو دور کرتا ہے۔ کجی، لاغری دور کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

☆

طلائے بیر بہوٹی

(شہوت کو بڑھانے والا طلاء)

اجزاء:
مغز تخم ارنڈ، بھلانوہ، خراطین خشک، بیر بہوٹی، جاوتری، جائفل (ہر ایک 2 تولہ)

ترکیب تیاری:
سب دواؤں کو پیس کر شیشی میں بند کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔

استعمال:
حقنہ اور سیون چھوڑ کر چند روز تیل کی مالش کریں۔

فوائد:
کجی کو رفع کرتا ہے۔ شہوت کو بڑھاتا ہے۔

☆

شاہ لیپ

اجزاء و ترکیب تیاری:
قفل دراز 7 عدد، لے کر ایک بینگن زرد میں چبھو کر بینگن کو لٹکا دیں۔ خشک ہو جائے

تو پھر روغن کنجد ڈیڑھ پاؤ میں ڈال کر نرم آنچ پر جوش دیں۔ پھر خراطین 3 تولہ اور بیر بہوٹی 3 تولہ اور پوتھی لہسن 2 عدد ڈالیں جب سب چیزیں جل جائیں تو ان کو خوب گھوٹ کر سنبھال لیں۔

استعمال:
رات کو حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ برگ پان باندھ کر سو جائیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ ایک ہفتہ یہ عمل کریں۔

فوائد:
مجلوق کو چند دنوں میں مرد بناتا ہے۔

☆

روغن سرخ

(عضو خاص کی کجی، لاغری دور کرنے والا طلاء)

اجزاء و ترکیب تیاری:
کچی جوان بکری کی جس نے ابھی کوئی بچہ نہ جنا ہو، لے کر ایک کوزہ گلی میں ڈالیں اور اس پر گندھک آملہ سار 2 تولہ، سم الفار 2 تولہ پیس کر ڈال دیں۔ برتن بند کر کے سایہ میں رکھیں۔ اس میں کرم پڑ جائیں تو پھر اس کو کسی شیشی میں ڈال کر کھجوری وال اور بیر میں پکانے کو رکھیں۔ اس طرح روغن نکل آئے گا۔ روغن کو محفوظ رکھ لیں۔

استعمال:
عضو خاص پر مالش کر کے اوپر برگ پان نیم گرم باندھ دیں۔

فوائد:
عضو خاص کو طاقت دیتا ہے۔ کجی لاغر دور کرتا ہے۔

☆

اسراری طلاء نمبر 1

(کجی لاغری دور کرنے والا طلاء)

اجزاء:

کچلہ مدبر 1 تولہ، جمالگوٹہ 1 تولہ، میٹھا تیلیہ 1 تولہ، بیخ کنیر سفید 1 تولہ، پیپتہ سفید 1 تولہ، عاقر قرحا 1 تولہ، جائفل 1 تولہ، لونگ 1 تولہ، دارچینی 1 تولہ، دودھ بکری 10 تولہ

ترکیب تیاری:

سب کو کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل حاصل کر لیں۔

استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر چند قطرے مالش کریں۔ رات کو استعمال کریں اور صبح دھو ڈالیں۔

فوائد:

مجلوق کیلئے اکسیر ہے۔ رگوں کی کمزوری دور کرتا ہے۔ کجی، لاغری دور کر کے عضو کو فربہ کرتا ہے۔

---☆---

اسراری طلاء نمبر 2

(عضو خاص کی کجی (ٹیڑھا پن) کوتاہی (چھوٹا پن) دور کرنے والا طلاء)

اجزاء:

سم الفار 1 تولہ، ہڑتال ورقی 1 تولہ، شنگرف 1 تولہ، سیماب 1 تولہ، گندھک آملہ سار 1 تولہ، چوک 1 تولہ، میٹھا تیلیہ 1 تولہ، بیر بہوٹی 1 تولہ، ہیرا ہینگ 1 تولہ، جونک 1 تولہ، ریگ ماہی 1 تولہ، زعفران 6 ماشہ، تیلنی مکھی 6 ماشہ، تخم دھتورہ 6 ماشہ،

خراطین 9 ماشہ، زردی بیضہ مرغ 25 عدد، شیر مدار 25 تولہ

ترکیب تیاری:

سیماب اور گندھک کی کجلی بنائیں پھر تمام ادویہ کو شیر مدار میں خوب کھرل کریں اور زردی بیضہ مرغ کھرل کر کے شامل کریں۔ پتال جنتر کے ذریعے تیل نکالیں۔

استعمال:

بقدر چار قطرہ عضو پر مالش کریں اور اوپر برگ پان باندھ دیں۔ رات کو مالش کریں اور صبح دھو ڈالیں۔

فوائد:

مجلوق کے لئے تریاق ہے۔ طلاؤں میں سے اکسیری اور بہترین دوا ہے۔ عضو مخصوص کی جملہ خرابیوں، کجی، لاغری، کوتاہی (چھوٹا پن)، ٹیڑھا پن اور کمزوری وغیرہ کو دور کر کے طاقت اور سختی پیدا کرتا ہے۔

---☆---

پٹی برائے مجلوق

(کجی، لاغری دور کرنے والی اکسیر)

اجزاء و ترکیب تیاری:

شیر زقوم میں ایک پارچہ ململ کو خوب تر کر لیں۔ پھر خشک کریں۔ بعد اس کے انبہ ہلدی میں تر کریں اور پھر خشک کریں۔ پھر بھیڑ کے دودھ میں تر کر کے رات کو قضیب پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر باندھ دیں۔ صبح اتار کر نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مریض کو درج ذیل دواء بطور حلوہ چار دن تک کھلائیں۔ آرد نخود 5 تولہ، روغن زرد 5 تولہ، شہد خالص 5 تولہ، زعفران 1 ماشہ، کشتہ قلعی ارتی

آرد نخود کو روغن زرد میں بریاں کریں اور پھر شہد ڈال دیں۔ پھر زعفران

ملادیں۔ کشتہ قلعی حلوہ کے ساتھ کھلا دیں۔ ترشی بادی سے پرہیز کریں۔

فوائد:

کجی لاغری دور کرتی ہے۔ جلق کے نقصانات کا ازالہ کرتی ہے۔

......☆......

طلاء خاص

(کجی، لاغری دور کرنے اور عضو کو سخت کرنے والا نسخہ)

اجزاء:

کھونگچی سفید 1 تولہ، خراطین 1 تولہ، بیر بہوٹی 1 تولہ، بیخ مدار 1 تولہ، مغز جمالگوٹہ 1 تولہ، مغز پستہ 25 عدد

ترکیب تیاری:

سب کو پیس کر بتی بنا کر شیر مدار 10 تولہ میں تر کریں۔ پھر روغن زرد 10 تولہ ملا کر اوپر بیخ آہنی کے لگا کر روغن ٹپکائیں۔

استعمال:

بوقت شب قضیب پر حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور برگ پان باندھیں، رات کو باندھیں اور صبح کو دھو ڈالیں۔

فوائد:

کجی (ٹیڑھا پن) دور کرتا ہے۔ کوتاہی (چھوٹا پن) دور کرتا ہے۔ جلق کے پیدا کردہ نقائص کو دور کرتا ہے۔ عضو میں طاقت اور سختی پیدا کرتا ہے۔

......☆......

لوبان کا جوہر

اگر لعاب دہن میں حل کر کے قضیب پر ملیں اور اوپر برگ پان گرم کر کے

باندھیں تو نہایت سخت نعوذ لاتا ہے۔

بنانے کا طریقہ:

لوبان کو ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر اس کے اوپر کاغذ کی ٹوپی گول لئی وغیرہ سے چپکا دیں اور اس کے نیچے موٹی بتی ڈال کر روشن کریں تا کہ گرمی ہانڈی کو ایک سی پہنچے۔ کاغذ کی ٹوپی کے اندر کچھ تنکے یا جھاڑو میں سے لئے گئے چھوٹے چھوٹے تنکے ٹیڑھے ترچھے ڈال دیں تا کہ دھواں ان میں جم جائے۔ سرد ہونے کے بعد ٹوپی کو آہستہ سے اتار کر جوہر لوبان نکال لیں۔

......☆......

دار چینی

منہ میں چبا کر اس کو قضیب پر لگایا جائے تو ملذذ ثابت ہوتی ہے۔

......☆......

لونگ

منہ میں چبا کر اس کے لعاب کو قضیب پر لگائیں تو طلاء کا کام دیتا ہے۔ اس سے قضیب کی سستی مٹ جاتی ہے۔

......☆......

چربی شیر

چربی شیر قضیب پر ملنا لاغری اور سستی کے لئے بہت مفید ہے۔

......☆......

طلائے سیماب

(عضو کو دراز کرنے والا طلاء)

اجزاء:

ہڑتال ورقی 1 تولہ، سیماب 1 تولہ، مردار سنگ 1 تولہ، سم الفار سفید 1 تولہ

ترکیب تیاری:

اولاً ہڑتال کو گدھے کے آدھ سیر پیشاب میں کھرل کریں۔ پھر مردار سنگ وغیرہ کو ملا کر کھرل کریں۔ جب خوب باریک ہو جائے تو عرق پیاز 12 تولہ ڈال کر تین یوم کھرل کریں۔ پھر 7 تولہ روغن زرد ملا کر پانچ دن تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

استعمال:

ایک یوم کا وقفہ دیتے ہوئے سوتے وقت ایک رتی تک لگائیں۔ حشفہ اور سیون چھوڑ دیں۔ پانی سے عضو کو محفوظ رکھیں۔

فوائد:

درازئ عضو میں بہت مفید ہے۔ فربہی عضو کے لئے بہت مفید ہے۔

☆

طلاء مقوی باہ

اجزاء:

پوست بیخ کنیر سفید، پوست بیخ کنیر سرخ، پوست بیخ کنائی خورد (تمام ہم وزن)

ترکیب تیاری و استعمال:

پیس کر آلہ تناسل پر ضماد کریں۔

فوائد:

سختی پیدا کرتا ہے۔

روغن بلساں

روغن بلساں 1 درم، مشک خالص 1 ماشہ، دونوں کو خوب حل کریں۔ قضیب پر
ملیں اور تھوڑی دیر بعد جماع کریں۔

فوائد:

تندی اور تیزی بدرجہ نہایت ہوگی اور فراغت کے بعد بھی نعوذ قائم رہے گا۔

......☆......

گھونگچی سرخ

گھونگچی سرخ 6 ماشہ باریک پیس کر روغن گاؤ میں بریاں کر کے بوقت ضرورت
تین روز صبح و شام طلا کریں۔

فوائد:

قضیب فربہ ہوگا۔

......☆......

تخم اٹنگن

تخم اٹنگن کو چربی شیر میں پیس کر قضیب پر لگائیں اور تھوڑی دیر بعد جماع کریں۔

فوائد:

قوت عجیب مرد کو اور کیفیت و لذت عجیب عورت کو حاصل ہوگی۔

......☆......

طلائے مشک

(عضو کو فربہ اور سخت کرنے والا طلاء)

اجزاء، ترکیب تیاری واستعمال:

شیر کی چربی کو روغن چنبیلی میں حل کر کے دو رتی مشک ملا کر قضیب پر طلاء کریں۔

فوائد:

عضو کو فربہ کرتا ہے۔ عضو میں سختی پیدا کرتا ہے۔

☆

طلاء روغن نمل

اجزاء وترکیب تیاری:

چیونٹی سیاہ کلاں 100 عدد کو 3 تولہ روغن چنبیلی میں ڈال کر تین ہفتہ کیلئے رکھ چھوڑیں۔ پھر چھان کر محفوظ رکھیں۔

استعمال:

حشفہ وسیون چھوڑ کر احلیل پر مالش کریں۔

فوائد:

خوب طاقت پیدا ہوتی ہے۔

طلاء برائے درازی قضیب

(عضو کو لمبا کرنے والا طلاء)

اجزاء:

خراطین خشک 1 تولہ، جونک خشک 1 تولہ

ترکیب تیاری و استعمال:

دودھ گاؤ میں پیس کر کپڑے پر لگا کر حشفہ چھوڑ کر لگائیں۔ آٹھ پہر بعد گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ چند دن یہ عمل کریں۔

فوائد:

درازی قضیب کیلئے بہت مفید ہے۔

☆

ادرک

اجزاء، ترکیب تیاری و استعمال:

زعفران کو ادرک کے رس میں ملا کر قضیب پر ضماد کر کے چار گھنٹے تک لگا رہنے دیں۔ پھر آب گرم سے دھو ڈالیں۔ تین چار مرتبہ یہ عمل کریں۔

فوائد:

سختی اور زیادتی قوت کیلئے مجرب ہے۔

☆

ہینگ

اجزاء، ترکیب تیاری و استعمال:

ہینگ کو مناسب مقدار میں لیں اور شہد خالص میں حل کر کے قضیب پر طلاء کریں۔

فوائد:

سختی قضیب کے لئے بے حد مفید ہے۔

☆

نسخہ برائے درازی قضیب

اجزاء، ترکیب تیاری و استعمال:

شیر میش، شیر بز دونوں کو ہم وزن لے کر قضیب پر اتنا ملیں کہ سرخ ہو جائے۔ پھر گوشت مادہ گاؤ کا قیمہ بنا کر قضیب پر باندھ لیں۔ تین گھنٹے تک لگا رہنے دیں اور پھر صاف کر کے صحبت کریں۔

فوائد:

درازی قضیب کے لئے عجیب الاثر ہے۔

......☆......

روغن مقوی باہ

اجزاء و ترکیب تیاری:

سم الفار سرخ 1 تولہ کو زردی بیضہ مرغ ایک عدد میں کھرل کریں۔ خشک ہو جائے تو دوسری زردی ملا دیں اور اسی طرح 11 عدد انڈوں کی زردی کھرل کریں۔ پھر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔

طریقہ استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر ذرا سا عضو پر طلاء کریں۔

فوائد:

بے انتہاء سختی اور قوت پیدا کرتا ہے۔

......☆......

دوا خانہ حکیم اجمل خان

طلاء خراطین

مردانہ عضو کو قوت پہنچاتا ہے۔ اس کے استعمال سے عضو خاص کی اندرونی ساخت تازہ دم ہو جاتی ہے۔ رگوں اور پٹھوں میں از سر نو توانائی آتی ہے۔

......☆......

طلاء زود اثر

باہ بڑھاتا ہے۔ عضو مخصوص میں سختی پیدا کرتا ہے۔ مجرب طلاء ہے۔ اس کے دوران استعمال خارش اور خفیف سا ورم ہو جاتا ہے۔

......☆......

طلاء عقر قرحا

عضو مخصوص کی استرخائی کیفیت (ڈھیلا پن) کو دور کر کے سختی پیدا کرتا ہے۔ رگوں کی خرابی کو دور کرتا ہے۔

......☆......

طلاء عجیب شریفی

مجلوقوں کے لئے خاص چیز ہے۔ عضو مخصوص کے جملہ نقائص کجی، لاغری، کوتاہی

اور رگوں کے ابھار کو ایک حد تک دور کرتا ہے۔ عضو کی جانب دوران خون بڑھاتا ہے۔
قدرے آبلہ انگیز ہے۔ دوران استعمال خارش کی شکایت ہو جاتی ہے یا ورم اور دانے نکل آتے ہیں۔

☆

طلاء مخدر شریفی

عضو مخصوص کی زکاوت جس سے ذرا سی تحریک، رگڑ یا خیالات فاسدہ سے انتشار و لذت کا محسوس ہونا یا انزال کا ہو جانا کو دور کرتا ہے جو کہ عموماً جلق اور اغلام کی کثرت سے پیدا ہو جاتی ہے۔
مزید یہ طلاء جریان اور احتلام کی شکایت میں بھی مفید ثابت ہوا ہے۔

☆

طلاء مُسمّن شریفی

عضو مخصوص کی لاغری کو دور کر کے ایک حد تک فربہی پیدا کرتا ہے۔ اس مقصد کے لئے مجرب ہے۔ غیر مضرت رساں ہے۔

☆

طلاء مطول

ابتدائی عمر میں عضو مخصوص کی لمبائی کو اس کی اسفنجی ساختوں کے مطابق بڑھاتا ہے۔ کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتا۔

☆

طلاء مسیحی شریفی

قیمتی عطریات اور دیگر دواؤں کا یہ مرکب مردانہ قوت کو بڑھاتا ہے۔ اس کے استعمال سے انتشار میں سختی پیدا ہو جاتی ہے۔
خوشبودار اور غیر مضرت رساں ہے۔

☆

طلاء مقوی شریفی

دواخانہ حکیم اجمل خاں کے خاص مجربات میں اس طلاء کا شمار ہوتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ عضو مخصوص کی اسفنجی ساخت کی اصلاح کرتا ہے جس کی وجہ سے انتشار اعتدال پر آجاتا ہے۔ اعتماد اور بھروسے کی دوا ہے۔

☆

طلاء معطر

جماع کی لذت کو بڑھاتا ہے۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ طرفین یکساں طور پر محظوظ ہوتے ہیں۔ اعلیٰ قسم کے عطریات کا مرکب ہے۔ غیر مضرت رساں ہے۔

☆

طلاء ممسک خاص

یہ طلاء ممسک ہے۔ امساک کی قوت کو بڑھاتا ہے۔ سرعت انزال اور ذکاوت حس کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔ غیر مضرت رساں ہے۔

☆

طلاء ہیرے والا

طب یونانی کی قدیم اور کامیاب دواؤں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ یہ طلاء عضو مخصوص [illegible] خرابیوں کو دور کر کے از سر نو توانائی پیدا کرتا ہے۔ رگوں سے گندے پانی کو نکال کر خون کے دوران کو بڑھاتا ہے۔ اس کے استعمال سے عضو مخصوص کی اسفنجی ساخت تازہ دم ہو جاتی ہے۔

یہ طلاء آبلہ انگیز ہے۔

......☆......

سرعت انزال. جماع سے قبل ہی منی کا اخراج ہو جانا

مرد سے عورت کی مایوسی کی ایک تصویر دیکھیں

اسے سرعت انزال کی بیماری کہتے ہیں

ہمدرد لیبارٹریز (وقف) پاکستان

طلائے مقوی خاص

یہ طلاء ویانا کے مشہور پروفیسر یوجین اشطائناخ کے تجربات اعادہ شباب کی روشنی میں تیار کیا گیا ہے۔ یہ عضو مخصوص کے جسم اسفنجی اور جسم اجوف (Corpus Cavernosum) اور اس کے لچکدار ریشوں کے خانوں اور وریدوں نیز شرائین کے افعال کی اصلاح کر کے ان کو عمدہ خون سے پر کر دیتا ہے۔ خون کی موجودگی سے عضو مخصوص کی پرورش اور تغذیہ میں باقاعدگی پیدا ہوتی ہے جس کے نتیجے میں جسامت بہتر ہو جاتی ہے۔ جلق، اغلام کے نقائص کا جو خراب اثر عضو کی ساخت پر اور حشفہ کے نازک اعصاب پر رہ جاتا ہے، اس کے استعمال سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

عمر کی زیادتی یا کثرت جماع اور مشت زنی وغیرہ کے سبب جب پوری خواہش جماع ہو کر کامل نعوظ (Erection) نمایاں نہیں ہوتا تو یہ طلاء عضو مخصوص کے عضلات، اعصاب، شرائین اور قضیب کے جوف اور خانہ دار اجسام کو درست کر کے انہیں اپنے طبعی افعال کے انجام دینے کے قابل بنا دیتا ہے۔

مایوس الباہ اور بوڑھوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔

......☆......

طلائے شباب آرزو

اس طلاء میں عضو مخصوص کی گہری تشریح اور اس کی ساخت کی پیچیدہ باریکیوں کو مد نظر رکھ کر ایسے اجزاء شامل کئے گئے ہیں جو عضو کے عضلات (Muscles)، اعصاب (Nerves)، شرائین اور اس کے خانہ دار اجسام کو ناقص رطوبات سے پاک کر کے صاف خون بہم پہنچاتے ہیں اور عضو کے تغزیہ وتمیہ (Nourishment) میں مدد دیتے ہیں۔

اس طلاء کا استعمال عضو کے عضلات اور شرائین وعروق کی اصلاح کر کے انہیں نخاعی مرکز اعصاب کی اطلاعات بہم پہنچانے کے لئے بیدار اور آمادہ کر دیتا ہے اور سکڑی ہوئی شرائین میں وسعت اور لچک نمایاں کر کے حسب موقع ان میں ضرورت تغزیہ سے زائد خون کی گنجائش پیدا کرتا ہے اور اس بناء پر نعوز اور پوری استادگی کی عضو میں صلاحیت آجاتی ہے اور عضو جملہ خرابیوں سے پاک ہو کر حرام مغز کے انتفاخی پیغامات کو قبول کرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ اس سے عضو کی ساخت ٹھیک ہو جاتی ہے۔ کمزوری، کجی اور کوتاہی کا قدرتی طور پر ازالہ ہو جاتا ہے۔

نیوبیکس

جنسی اعضاء کی نشو ونما اور ان کی تقویت وحفاظت کیلئے ہمدرد نے ایک جدید دواء (طلاء) مقامی طور پر استعمال کے لئے تیار کی ہے جس کا نام "نیوبیکس" ہے۔ خصیوں کی رطوبت میں جو جنسی ہارمون ہوتے ہیں وہ داخلی اور خارجی دونوں طریقوں سے استعمال کرنے سے جنسی غدود کی رطوبات اور قوت باہ کو تحریک دیتے ہیں۔

حیاتین اے اور حیاتین ای عضلات کی طاقت اور توالد وتناسل کو بحال کرنے میں مددگار ہیں۔

روغن قرنفل اور روغن دار چینی مقامی طور پر جلد کو سرخ کرنے والے اور دافع عفونت ہیں۔ عضو کو سرخ کرنے کا مطلب عضو میں خون کی رسد کو بڑھانا ہے۔ اس سے عضو کی خیزش یا ایستادگی کی مدت بڑھ جاتی ہے اور جلد انزال نہیں ہوتا۔

مواقع استعمال:

1۔ بلوغ سے پہلے یا بعد ہارمونوں کی کمی سے عضو مخصوص کی پورے طور پر نشو ونما نہ ہونا۔

2۔ کثرت استعمال یا نادانی کی وجہ سے یا غلط استعمال سے قوت مردمی اور ایستادگی میں ضعف پیدا ہونا۔

3۔ آتشک اور سوزاک جیسے امراض کے مقامی اثرات کی وجہ سے عضو کی ساخت میں لاغری اور دوسرے نقائص کا پیدا ہو جانا۔

4۔ طویل بیماری کے بعد جنسی کمزوری کا پیدا ہو جانا۔

5۔ تقویت اور برانگیختگی کے لئے

ترکیب استعمال:

ایک ٹیوب کی دواء 15 دن کے لئے کافی ہوتی ہے۔ اس دوا کے پندرھویں حصہ کو لے کر نرمی اور آہستگی کے ساتھ حشفہ کو چھوڑ کر سارے عضو پر مالش کی جائے یہاں تک کہ پوری دوا جذب ہو جائے۔

عضو تناسل کا بڑھنا آہستہ آہستہ مووومنٹ دیکھیں
آلہ تناسل کے بڑھنے کا انداز آہستہ آہستہ [illegible]

اشرف لیبارٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

طلاء سرخ

خواص:

مقوی و مصلح قضیب

استعمالات:

عضو تناسل کی کمزوری کا ازالہ اور خیدگی (ٹیڑھا پن) کی اصلاح کرتا ہے۔ اس کی ابھری ہوئی رگوں کے لئے افادیت کا حامل ہے۔

ترکیب استعمال:

250 ملی گرام دواء کی حشفہ اور سیون چھوڑ کر ہلکی مالش کریں اور پان کا پتہ باندھ دیں۔ گرم مزاج مریضوں میں اگر دانے نمودار ہونے لگیں تو طلاء کا استعمال بند کر کے روغن چنبیلی لگائیں اور درست ہونے کے بعد طلاء کا دوبارہ استعمال شروع کر دیں۔

☆

طلائے شباب خاص الخاص

عضو مخصوص کی کمزوری اور کجی کو دور کرنے میں بہت موثر ہے۔ ابھری ہوئی رگوں کو اصلی حالت پر واپس لاتا ہے۔ یہ طلاء بے ضرر ہے۔

ترکیب استعمال:

رات سوتے وقت عضو مخصوص پر 4-3 قطروں کی مالش کریں اور پان کا پتہ باندھیں۔صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

......☆......

طلائے شباب سادہ

عنفوان شباب میں بے احتیاطی اور بداعتدالی سے جنم لینے والی عضو مخصوص کی جملہ بیماریوں مثلاً کمزوری، ناہمواری کا موثر علاج ہے۔

ترکیب استعمال:

رات سوتے وقت عضو مخصوص پر 4-3 قطروں کی مالش کریں اور پان کا پتہ باندھیں۔صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

......☆......

انچی ٹیپ کے ذریعے اپنا آلہ تناسل ناپنے کا طریقہ دیکھیں

ادارہ سلیمانی

طلاء مصلب

1۔ کجی دو کرتا ہے۔
2۔ جلق کی وجہ سے پیدا شدہ نقائص کا ازالہ کرتا ہے۔
3۔ عضو میں سختی پیدا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال:
حشفہ اور سیون چھوڑ کر رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

......☆......

طلاء مورچہ

1۔ کمزوری دور کرتا ہے۔
2۔ کجی، لاغری دور کرتا ہے۔
3۔ فربہی اور طوالت پیدا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال:
حشفہ اور سیون چھوڑ کر رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

......☆......

طلاء ممسک

امساک کے لئے حیرت انگیز طلاء ہے۔

ترکیب استعمال:
3-4 قطروں کی حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

......☆......

طلاء شاہی

1۔ اعصاب کو تقویت دیتا ہے۔
2۔ کجی کو ٹھیک کرتا ہے۔

ترکیب استعمال:
حشفہ اور سیون چھوڑ کر رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

......☆......

طلاء مفتاح الشباب

1۔ کجی دو کرتا ہے۔
2۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔
3۔ باہ کو تقویت دیتا ہے۔
4۔ بے ضرر، نفیس اور لاجواب طلاء ہے۔

ترکیب استعمال:
حشفہ اور سیون چھوڑ کر رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

......☆......

طلاء اعظم

(عضو کو فربہ کرنے والا طلاء)

مجلوق کی جملہ خرابیوں کا بہترین علاج ہے۔ سستی، کمزوری، کجی، دبلا پن، غیر ہموار اور چھوٹا پن دور کرتا ہے۔ قضیب کو سخت اور دراز کرتا ہے۔ حرکت، قوت، نعوظ، انتشار، طاقت بہت زیادہ پیدا کرتا ہے۔ بے ضرر ہے۔ دانہ، جلن، سوزش پیدا نہیں کرتا۔

اجزاء:

روغن سانڈہ 5 تولہ، چربی شیر 5 تولہ، روغن بیر بہوٹی 5 تولہ، لونگ 4 ماشہ، دارچینی 4 ماشہ، اسگندنا گوری 4 ماشہ، پوست بیخ کنیر سفید 4 ماشہ، پوست بیخ اونٹ کٹارا 4 ماشہ، ہیرا ہینگ 4 ماشہ، زعفران 4 ماشہ، پارہ 9 ماشہ، جونک خشک 4 ماشہ، خراطین خشک مصفی 4 ماشہ پتال جنتر سے تیل حاصل کریں۔ اور حسب دستور استعمال کرائیں۔

......☆......

طلاء مجلوق

(عضو کو فربہ کرنے والا طلاء)

اجزاء:

پوست بیخ کنیر سفید 5 تولہ، پوست بیخ کنیر سرخ 5 تولہ

ترکیب تیاری:

ہر دو کو تازہ لے کر کچل ڈالیں اور 15 سیر دودھ گائے میں خوب جوش دے کر بدستور معروف دہی بنائیں اور دہی سے مکھن بلو کر نکال لیں۔ مکھن کو کھرل میں ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ ساتھ شیر مدار تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں یہاں تک کہ 10 تولہ شیر مدار شامل ہو جائے بعد ازاں برگ دھتورہ کا پانی 10 تولہ، روغن کنجد 10 تولہ ملا کر آگ پر رکھیں۔ پانی جل کر جب صرف تیل رہ جائے تو اکسیری روغن تیار ہے۔

ترکیب استعمال:

بوقت خواب بقدر 4 رتی روغن عضو مخصوص پر آہستہ آہستہ مالش کریں تا کہ جذب ہو جائے۔ پھر پان کا پتہ نیم گرم باندھ دیں۔

فوائد:

کجی لاغری دور کرتا ہے۔ فربہی پیدا کرتا ہے۔ دو ہفتہ کے استعمال سے قابل قدر قوت پیدا ہوتی ہے۔

طلائے مفید

(کجی، لاغری دور کرنے والا طلاء)

اجزاء:

افیون 3.1/2 گرام، جوزبوا 5 گرام، دارچینی 5 گرام، عاقر قرحا 7 گرام، پیاز نرگس 12 گرام، پوست بیخ کنیر سفید 5 گرام

ترکیب تیاری:

سب دواؤں کو کوٹ کر چھان کر شراب مقطر میں 12 گھنٹے تک کھرل کریں اور نصف نصف گرام کی گولیاں بنالیں۔ ضرورت کے وقت ایک گولی قدرے شراب میں گھس کر طلاء کریں۔

فوائد:

ضعف انتشار میں مفید ہے۔ ضعف اعصاب میں مفید ہے۔ کجی اور لاغری دور کر کے عضو کو فربہ کرتا ہے۔

......☆......

طلائے فاسفورس

اجزاء:

مغز جمال گوٹہ 60 گرام، مغز پستہ 60 گرام

ترکیب تیاری:

دونوں کا تیل نکال لیں۔ پھر اس روغن میں بحساب 12 گرام فاسفورس دو گرین، زعفران کشمیری ایک گرام، مکھی سبز پر بریدہ یا ولایتی تیلنی مکھی پر بریدہ پانچ عدد ملا کر آٹھ دس گھنٹے کھرل کریں اور محفوظ رکھ لیں۔

استعمال:

ضرورت کے وقت حشفہ اور سیون چھوڑ کر دو تین قطرے طلیں اور اوپر برگ پان یا برگ ارنڈ باندھ دیں۔ استعمال کے بعد چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آئیں تو طلاء کا استعمال چھوڑ دیں اور معمولی گرم روغن کچھ مالش کریں۔ پھنسیاں جب ختم جائیں تو پھر بدستور طلاء کا استعمال کریں۔

فوائد:

کجی، لاغری میں مفید ہے۔

—☆—

طلائے غذائی

(اعصاب کو طاقت دینے والا طلاء)

طلاء میں غذائی اجزاء کی شمولیت بہت فائدہ مند ہوتی ہے۔ عضو میں فربہی کی ضرورت ہو تو طلائے غذائی کا استعمال بہت مفید ہے۔ طلائے غذائی کو تمام عضو خصوصاً جڑ پر بہت زور سے مالش کرنا چاہیے تاکہ جذب ہو جائے۔ درج ذیل طلاء ایک بہترین طلائے غذائی ہے۔

اجزاء:

روغن بیضہ مرغ 30 ملی لیٹر، روغن دارچینی 30 ملی لیٹر، روغن کچھ 50 ملی لیٹر، چربی مرغ 20 گرام

ترکیب تیاری:

روغنوں کو آگ پر گرم کریں۔ چربی کو روغن میں پگھلائیں اور برتن کو آگ پر سے اتار لیں۔

استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فوائد:

اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ کجی دور کرتا ہے۔ لاغری دور کر کے فربہی پیدا کرتا ہے۔

طلائے ذرارتح

(قوت باہ پیدا کرنے والا طلاء)

ذرارتح کو خشک کر کے سفوف بنائیں اور موم روغن میں ملا کر ایک کپڑے پر لگائیں اور کپڑے کو عضو مخصوص پر باندھ دیں۔

ذرارتح کے اثر سے سوزش پیدا ہوگی اور قوت باہ میں تحریک پیدا ہوگی۔ اس کے استعمال سے بعض اوقات آبلے پیدا ہو جاتے ہیں۔ آبلے پیدا ہو جائیں تو طلاء کا استعمال ترک کر دیں اور طلاء کی جگہ پھر روغن خشخاش روغن چنبیلی یا روغن زرد لگائیں۔

—☆—

طلائے خاص

(عضو کو سخت کرنے والا طلاء)

اجزاء:

روغن قسط 30 ملی لیٹر، چربی شیر 6 گرام

ترکیب تیاری:

چربی کو روغن میں ملا پگھلا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال:

حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ رات کو مالش کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فوائد:

عضو کو سخت کرتا ہے۔

—☆—

طلاء برائے درازی عضو

اجزاء:

خراطین 50 گرام، روغن کنجد 100 گرام

ترکیب تیاری:

خراطین کو خشک کر کے روغن کنجد میں پیس لیں اور طلاء کریں۔ پہلے عضو کو کسی کھردری چیز سے مل لیں۔

اس کے ساتھ یہ بھی تدبیر کریں کہ عضو کو ہر روز صبح و شام کسی کپڑے سے ملیں۔ سرخ ہو جائے تو اوپر بھیڑ کا دودھ مل کر چھوڑ دیں دودھ خشک ہو جائے تو اوپر زفت رومی طلاء کریں۔ اس سے مادہ غذا کھینچ کر عضو کی طرف آئے گا اور اس جگہ پر آ کر تحلیل نہ ہوگا۔ یہ مادہ عضو کی غذا بنے گا اور اس کو فربہ کرے گا۔

☆

طلاء مقوی

(عضو کو طاقت دینے والا طلاء)

اجزاء:

بیخ نرگس 4 عدد (ایک رات دن دودھ میں تر کی ہوئی)، مویزج 3 درم، عاقر قرحا 3 درم، دار چینی 3 درم، مشک 1 درم

ترکیب تیاری:

پیس کر آپس میں ملا کر شراب کے ساتھ طلاء کریں۔

فوائد:

تقویت قضیب کے لئے بہت مفید ہے۔

☆

طلائے فرفیون

اجزاء:

فرفیون 1 ماشہ، عاقر قرحا 1 ماشہ، مشک 1 ماشہ

ترکیب تیاری و فوائد:

پیس کر روغن یاسمین میں ملا کر طلاء کریں۔ قضیب کو سخت کرتا ہے۔

☆

طلائے خراطین

(عضو کو لمبا کرنے والا طلاء)

خشک خراطین کو پیس کر روغن کنجد میں ملا کر طلاء کریں۔ رات کو ملیں اور صبح دھو ڈالیں۔ اوپر کھدر کے کپڑے کا ٹکڑا باندھ دیں۔

فوائد:

عضو تناسل کی لمبائی میں اضافہ کرتا ہے۔

☆

طلاء مطول

ایک عدد جونک لے کر اس کو نارجیل کے اندر ڈال دیں کہ پانی اس میں موجود ہو۔ محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ خشک ہونے پر جونک کو نکال کر پیس کر روغن کنجد میں ملا کر طلاء کریں۔ نارجیل میں پانی نہ ہو تو تھوڑی سی شراب ملا لیں۔

فوائد:

عضو مخصوص کو موٹا اور لمبا کرنے کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

☆

طلاء قوی الاثر

(عضو کو فربہ کرنے والا طلاء)

روغن کنجد کی مالش کریں اور پھر ٹکڑا ابرق کالے کر اس پر زفت لگا کر گرم گرم قضیب پر لگائیں۔ سرد ہو جائے تو الگ کر دیں۔ رات دن میں کئی بار یہ عمل کریں۔

فوائد:

عضو خاص کو طاقت دیتا ہے اور فربہی پیدا کرتا ہے۔

☆

طلاء برائے استرخائے ذکر

(کجی، لاغری دور کرنے والا طلاء)

روغن قسط دن میں کئی بار ملیں۔

فوائد:

کجی، لاغری دور کرتا ہے۔

☆

طلائے حلتیت

حلتیت کو مانند سرمہ کے باریک پیس کر ساتھ شہد کے ملائیں اور قضیب پر مالش کریں۔

فوائد:

کجی، لاغری دور کرتا ہے۔ عضو خاص میں سختی پیدا کرتا ہے۔

جند بیدستر، عاقرقرحا کو ساتھ روغن یاسمین کے عضو خاص پر ملنا بھی کجی اور لاغری دور کرتا ہے۔

طلاء برائے تقویت قضیب

(عضو کو سخت کرنے والا طلاء)

پیاز نرگسی کو ایک رات دن دودھ میں بھگو کر پیس کر قضیب پر حشفہ چھوڑ کر طلاء کریں۔

فوائد:

تقویت قضیب کے لئے بہت مفید ہے۔

☆

طلاء مجلوق نمبر 1

اجزاء:

بیر بہوٹی 12 گرام، روغن زیتون 125 ملی لیٹر

ترکیب تیاری:

روغن زیتون کو کڑاہی میں ڈال کر ساتھ ہی بیر بہوٹی بھی ڈال دیں اور آگ پر رکھیں۔ بیر بہوٹی جل جائے تو اتار کر ململ کے کپڑے میں چھان کر تیل محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال:

حشفہ اور سیون کو چھوڑ کر بقیہ قضیب پر آہستہ آہستہ تیل کی مالش کریں۔ تھوڑی دیر ٹھہر کر پھر دس پندرہ منٹ تک مالش کریں۔ ایک گھنٹہ کے بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔ صبح و شام یہ عمل کریں۔

فوائد:

چالیس دن میں استعمال سے مردہ اور کمزور رگیں درست ہو جاتی ہیں۔

☆

طلائے مجلوق نمبر 2

اجزاء:

خراطین 50 گرام، چربی ریچھ 12 گرام، روغن کنجد 125 ملی لیٹر

ترکیب تیاری:

روغن کنجد کو کڑاہی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھیں اور ساتھ ہی خراطین بھی ڈال دیں۔ خراطین جل جائیں تو کڑاہی اتار لیں اور ریچھ کی چربی ڈال کر کسی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ ٹھنڈا ہونے پر کھرل میں ڈال کر خوب گھوٹیں اور محفوظ کر لیں۔

استعمال:

حشفہ کو چھوڑ کر بقیہ قضیب کی دن میں دو مرتبہ مالش کریں۔ ایک گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔

......☆......

طلائے مجلوق نمبر 3

اجزاء:

خراطین 30 گرام، چربی شیر 12 گرام، چربی ریچھ 12 گرام، جند بید ستر 12 گرام، روغن کنجد 125 ملی لیٹر

ترکیب تیاری:

کڑاہی میں تیل، خراطین، جند بید ستر ڈال کر دھیمی آنچ پر رکھیں۔ دونوں اشیاء جل کر سیاہ ہو جائیں تو اتار کر چربی شیر اور چربی ریچھ ڈال دیں اور کسی لکڑی وغیرہ سے آہستہ آہستہ ہلاتے رہیں۔ تیل ٹھنڈا ہونے پر کھرل میں ڈال کر خوب گھوٹیں۔ تمام اشیاء یکجاں ہو جائیں تو ململ کے کپڑے میں چھان لیں۔

طریقہ استعمال:

تیل کو حشفہ چھوڑ کر قضیب پر لگائیں۔ پانچ منٹ بعد آہستگی سے مالش کریں۔ ایک گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔ دن میں دوبار مالش کریں۔

فوائد:

قضیب کی رگیں درست ہوں گی۔ کجی دور ہوگی۔ ایک ماہ کے اندر مکمل صحت حاصل ہوگی۔

......☆......

خوشگوار زندگی اچھی صحت اور مکمل فٹ نس کے ساتھ ہی ہو سکتی ہے

ضروری ہدایات

اندرونی استعمال کے لئے اگر کسی نسخہ میں سم الفار ہو یا شنگرف، کچلہ، ہڑتال ورقی، میٹھا تیلیہ ان تمام ادویات کو کشتہ کریں یا مدبر کر کے استعمال کریں۔ ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

نفسیاتی اثرات

جذبات کا بھی نفسیاتی طور پر انسانی جسم سے بڑا گہرا تعلق ہوتا ہے اور یہ بالکل حقیقت ہے کہ کم و بیش انسان ہر وقت کسی نہ کسی جذبہ سے سرشار رہتا ہے اور اس کا انسان کے کسی نہ کسی عضو پر مثبت یا منفی اثر پڑتا ہے اور پھر جب شدت اختیار کر جاتا ہے تو وہ پھر مرض کی صورت میں ظاہر ہو جاتا ہے۔

- ☆ خوف اعصابی علاتی
- ☆ لذت عضلاتی اعصابی
- ☆ غصہ غدی اعصابی
- ☆ مسرت عضلاتی غدی
- ☆ غم غدی اعصابی
- ☆ ندامت اعصابی غدی

یہ تحریکات کبھی یک وقت پیدا ہو جاتی ہیں اور کبھی آہستہ آہستہ آتی ہیں یہ نفسیاتی طور پر انسان کا مزاج بن جاتے ہیں اگر نفسیاتی طور پر ان جذبات کو بدل دیا جائے تو انسان کا علاج ہو جاسکتا ہے۔

دعائیں

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔

اے زندہ اور ہمیشہ رہنے والے پروردگار تجھ سے رحمت کی فریاد کرتا ہوں۔

اے اللہ تعالیٰ میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں مجھے ایک لمحہ کے لئے بھی میرے حال پر نہ چھوڑنا اور میرے تمام حالات درست فرما تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

اے اللہ لوگوں کے رب اس بیماری کو دور فرما اور شفا عطا فرما تو ہی شفا دینے والا ہے تیری شفا کے سواہ کوئی شفا نہیں ایسی شفا عطا فرما جو کسی مرض کو باقی نہ رہنے دے

توجہ فرمائیے!

ہومیوڈاکٹر۔ایلوپیتھک ڈاکٹر۔ہربل حکیم

یا کورس کرنے والے عام اور خاص لوگ غور سے پڑھ لیں

جو لوگ یہ کورس کر رہے ہیں او جو لوگ صرف مطالعہ کرتے ہیں یہ سب غور سے سن لیں آپ ان کتابوں میں سے دیکھ کر کسی کو دوائی مت دیں نہ ہی بنا کر دیں۔آپ ڈاکٹر نہیں ہیں آپ حکیم نہیں یا صرف کورس کر رہے ہیں ڈاکٹر حکیم بن رہے ہیں۔ڈگری آپ کے پاس نہیں ہے تو کسی کو مت دوائی بنا کر دیں کسی جانی نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے یہ کتابیں صرف ڈاکٹر اور حکیموں ڈگری رکھنے والے لوگوں کیلئے ہیں آپ ان کتابوں کو صرف اور صرف پڑھ سکتے ہیں کسی کی جان سے مت کھیلیں اس کی سزا پانچ سال اور دو لاکھ روپے جرمانہ ہے کسی جانی نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔کوئی دوائی غلط لکھی ہو یا پھر کتاب میں کوئی غلطی رہ گئی ہو تو آگاہ کریں آپ کی نوازش ہو گی کچھ مصنفین کتابیں لکھ کر غائب ہو جاتے ہیں کتابوں میں غلطیاں رہ جاتی ہیں بعد میں ذمہ داری قبول نہیں کرتے۔پیسوں کے لئے غلط کتابیں لکھ کر غائب ہو جاتے ہیں لالچی مصنفین سے بچیں۔مصنف کی آراء سے ادارہ و پبلشر کا متفق ہونا ضروری نہیں۔کسی بیماری میں اگر مبتلا ہو گئے تو ادارہ اس کا ذمہ دار نہ ہو گا۔کسی مایہ ناز معالج یا ڈاکٹر سے مشورہ کریں اور پھر دوائی یا نسخہ استعمال کریں۔اعزازی ڈگری والے ڈاکٹروں اور حکیموں سے بچیں اور کوالیفائیڈ ڈاکٹر و حکیم کے پاس جائیں۔

نیم حکیم خطرہ جان ...... نیم ڈاکٹر خطرہ جان

ادارہ

ادارے کی بہترین کتب

جوگیوں کے راز

پرانے سناسیوں' سادھوں اور جوگیوں کے نسخہ جات جن کی بناء پر ان کا نام آج بھی طب اور ویدک میں چلتا ہے۔طبی بکس میں سے سادھوں' جوگیوں کے نسخہ جات نکال دیئے جائے تو طب نگری لولی ہو جائے گی۔پرانے جوگیوں سادھوں' سناسیوں کے اصل مجربات نسخہ جات کے انمول چٹکلے آپ کے ہاتھ میں۔

قیمت-/180 روپے

حکیم مقصود علی

زمین کے خزانے

طبی دنیا میں ہلچل مچا دینے والی نایاب کتاب ایک ایک نسخہ ایک ایک اشرفی یعنی ایک تولہ سونے کے برابر نسخہ فارمولا بنانا آپ کا کام ہم نے طریقہ اجزاء لکھ دیئے ہیں۔قدیم یونانی بکس حکیم محمد حسین مرہم عیسیٰ کی دوسری کتاب پہلی کتاب بیاض مرہم عیسیٰ نے ہلچل مچا دی۔دوسری کتاب اب حاضر ہے۔

ترتیب واضافہ: حکیم مقصود علی' مصنف: حکیم محمد حسین مرہم عیسیٰ

قیمت-/300 روپے

صنعتی فارمولے

چھوٹی چھوٹی چیزیں بنانے کی بہترین کتاب صابن بنائے' سرف بنائے' پیٹ درد کی دوا بنائے' لوہے کا سامان بنائے' لکڑی کا سامان بنائے' مختلف بیماریوں کی دوائے بنائے' وہ بنائے یہ بنائے۔مختلف چیزیں بنانے کے طریقے' گھریلو صنعتی فارمولے۔